سلام

دولت عشق نبیؐ و آل اطہرؑ چاہیے
مفلسی میں بھی سلامی دل تونگر چاہیے

عشق کا آئینہ ایماں کو جوہر چاہیے
حق کا جو محبوب ہو ایسا پیمبرؐ چاہیے

نعت احمدؐ لکھ چکا اب وصف حیدرؑ چاہیے
حُسنِ مطلع بھی تو مطلع کے برابر چاہیے

الفت حیدرؑ نبیؐ سے کم نہ بڑھ کر چاہیے
نفس احمدؐ کو بھی احمدؐ کے برابر چاہیے

خانۂ کعبہ پے تولید حیدرؑ چاہیے
پاک معدن کے لئے پاکیزہ گوہر چاہیے

ظاہری اسباب کے محتاج کب معصوم ہیں
کاتب اعمال کو کاغذ نہ مسطر چاہیے

اسلحہ تن پر سجے شہ نے تو ہمت بول اوٹھی
عاصیوں کی مغفرت کا سر پہ مغفر چاہیے

جب کہ دل میں ہو سرور بادۂ خم غدیر
کلفت دنیا سے پھر کیوں دل مکدر چاہیے

دوش احمدؐ پر چڑھے حیدرؑ تو غل کعبہ میں تہا
ایسے واعظ کے لئے ایسا ہی منبر چاہیے

جب زمین و آسماں عاجز ہوئے تو حق بول اوٹھا
رنج سہنے کو دل آل پیمبرؐ چاہیے

دم قدم سے حضرت قائمؑ کے قائم ہے جہاں
اس عرض کے واسطے ایسا ہی جوہر چاہیے

خیر خم خانہ کی ہاں اے ساقی خم غدیر
مست مولا ہیں ہمیں سرشار ساغر چاہیے

آل احمدؐ اور قرآں سے مساوی عشق رکھ
اس ترازو کا ہر اک پلہ برابر چاہیے

جس میں غم سبط نبیؐ کا ہو وہ دل درکار ہے
جسمیں سودا عشق حیدرؑ کا ہو وہ سر چاہیے

اوس میں بیٹھی ہوئی مرا توں کو کہتی تھیں یا ب
مانگتے تھے شاہ جب پانی تو پیلاتا تھا شمر
آپ کیا منہ کا نوالا سمجھے تھے آب حیات
کہتی تھیں زہرا امراشبیر ہے نازک مزاج
غرق فکر مال و دنیا ہر گھڑی ہے اے حریص
لاشہ اکبر اوٹھایا شہ نے جب دل ہو لا وٹھا
پیاس میں چوسی زباں اکبر کی شہ نے پھر کہا
خاک پر لیٹے تھے عابد قید میں کہتی تھیں ماں
دوست یا دشمن کسی کا ہو کلام اے خوردہ بیں
پھر در حیدر پہ ثابت شکر کا سجدہ کروں

تیرا غنچہ سا دہن اے میرے اصغر چاہیئے
ایسے پیاسے کے لئے یے آب خنجر چاہیئے
ضبط و ظرف خضر اسکو اے سکندر چاہیئے
اسکو بابا آپ شبیر سے نہ کمتر چاہیئے
تجھکو بھی قارون کا گنجینہ زر چاہیئے
ورد لب اس غم میں بھی اللہ اکبر چاہیئے
تیری سیرابی کو پیارے حوض کوثر چاہیئے
بوترابی خاکساروں کو یہ بستر چاہیئے
دیکھنا انصاف کی عینک لگا کر چاہیئے
اوسطرف سے کچھہ کشش اور کچھ مقدر چاہیئے

سلام

قرآں کو اہل بیت کا ہمسر سمجھتا ہوں
مولا کو اپنے نفس پیمبر سمجھتا ہوں
میرا کلام پڑھتے ہیں جو اپنے نام سے
سرگشتہ ہوں جو روزی و راحت کی فکر میں
اکبر کے سر پہ باندہ کے عمامہ بولے شاہ
جاتا ہے تیری راہ میں مرنے وہ مہ لقا
میں حاسدوں کی بات کا دیتا نہیں جواب
ناچیز دل میں ایک جہاں کا ہی جزر و مد
مجھکو نزاع لفظی مولا سے کام کیا
کامل وہی ہے جس میں قناعت کی خوبی ہو
محشر کا انتظار قیامت سے کم نہیں
سو جاتا ہوں خیال نجف میں اگر کبھی

مجرائی جو سمجھتا ہوں بہتر سمجھتا ہوں
بہتر سے بھی علی کو میں بہتر سمجھتا ہوں
میں اون کو سارقان دلاور سمجھتا ہوں
اوسکو بھی اپنے بخت کا چکر سمجھتا ہوں
یا رب تری پناہ کو مغفر سمجھتا ہوں
میں جسکو شکل و شان پیمبر سمجھتا ہوں
کانٹے کا موذیوں کے یہ نشتر سمجھتا ہوں
قطرے کو آبرو میں سمندر سمجھتا ہوں
بہتر علی کو بعد پیمبر سمجھتا ہوں
تاج کمال کا اسے افسر سمجھتا ہوں
برزخ کی رات کو شب محشر سمجھتا ہوں
اپنا در علی پہ میں بستر سمجھتا ہوں

راہ رضائے شام میں عابد کا تھا خیال
کانٹے جو ہیں انہیں بھی گل تر سمجھتا ہوں

طوفاں سے سفینۂ امت بچائے گا
اس طوق کو جہاز کا لنگر سمجھتا ہوں

رتبہ شناس فاطمۂ زہرا ہوں دل سے میں
گیارہ اماموں سے انہیں بہتر سمجھتا ہوں

مسلم کا پرسہ دیکے رقیہ سے بولے شاہ
میں تجھکو بیٹوں کے برابر سمجھتا ہوں

سجدے میں سوئے مولد حیدر جو خم ہے سر
حقا کہ حق کو جانب حیدر سمجھتا ہوں

ہاتوں میں میرے دامن دولت علی کا ہے
پارس بھی ہات آئے تو پتھر سمجھتا ہوں

دنیا سے دل ہٹے تو نظر آئے شان حق
اس آئینہ کو سد سکندر سمجھتا ہوں

پتھر پڑیں سمجھ پہ فراموش ہے لحد
مہماں سرائے دہر کو میں گھر سمجھتا ہوں

وصف علی جو کہتا ہوں کٹ جاتے ہیں حسود
اپنے لبوں کو تیغ دو پیکر سمجھتا ہوں

ہر شخص کو ہے فکر فقط اپنے نفس کی
دنیا کو میں نمونۂ محشر سمجھتا ہوں

کھا کھا کے وار تیغوں کے فرماتے تھے حسینؑ
شمشیر صبر کا اسے جوہر سمجھتا ہوں

قطعہ

نے شیر جب ہمکتا تھا فرماتے تھے حسینؑ
پیاسے ہو تم میں اے علی اصغر سمجھتا ہوں

قبضے میں ناریوں کے ہے نہر فرات آج
جاؤ گے تم بھی جانب کوثر سمجھتا ہوں

سجدہ کیا ہے جب سے در باب علم پر
اے خضر بخت تجھکو سکندر سمجھتا ہوں

تجھ میں ہے اب وہ نور جو پہلے حرم میں تھا
کعبے سے اے نجف تجھے بہتر سمجھتا ہوں

ثابت جو مدح آل میں موزوں کلام ہو
شمشیر نطق کا اسے جوہر سمجھتا ہوں

سلام

ہوائے حب احمد لے گئی طیبہ کی جنت میں
یہ مشت خاک جا کر ملگئی اور پاک طینت میں

گنہگار و چلو جوش آ گیا دریائے رحمت میں
شفیع المذنبیں آتے ہیں میدان قیامت میں

مگر لو خبر یا حیدر کرار شدت میں
جہاں آئے تھے وقت نزع پھر جاؤ تربت میں

امام عصر یاد آتے ہیں مومن کو مصیبت میں
نگاہیں ڈھونڈتی ہیں نور کو ہر گھر کے ظلمت میں

ہمیشہ ملتی ہے عظمت بشر کو نیک خدمت میں
ملے سلمان ایرانی نبی کی پاک عترت میں

اثر کب تک نہو تا ہم نشینی کا طبیعت میں
پریشاں ہو گئے غنچے جو بیٹھے گل کی صحبت میں

خدا کے گھر میں وہ جائے کہ جس میں استطاعت ہو
ہم ایسے مفلسوں کا ہی ٹھکانا کوچۂ عترت میں

نہ سلطاں ہی کوئی ایسا نہ کوئی سلطنت ایسی
خدا مل جاتا ہی بندے کو حیدر کی اطاعت میں

قطعہ

محمدؐ سے محبت بغض ہے آلِ محمدؐ سے
نہیں انسان تو حیوان ہی زاہد حقیقت میں

فقط اک گل کی رنگت پر تو دے جان بنی البلبل
کہ جو ہو وہ رنگ میں گلدستۂ گلزارِ قدرت میں

تو الیاسیں بجائے آلِ یٰسیں پڑھ نہ قرآں میں
بلاغت کا ہی منہ فق اس تری افک ضمانت میں

ہمارے عہد میں ہیں شورشیں تو کیا تعجب ہی
ہمیشہ آفتیں آتی رہی ہیں اس خلافت میں

جدا ہو کر تن شہ سے بھی سر قرآن پڑھتا ہے
جو پارہ پارہ ہو فرق آئے کیا فرقاں کی صورت میں

چبھے جو وقت تلوؤں میں نکالے جھک کے ناخن سے
نہ کانٹے بھی چلے ہمراہِ عابدؔ دشت غربت میں

قطعہ

رہیگا یادگارِ دہر عابس کا بھی افسانہ
قمیص و درع پھینکے جسم سے شوق شہادت میں

انہیں کی پیروی ہیں کیا نہ زنجیروں کا ماتم ہی
کہ ماتم دار زخمی ہو رہے ہیں خونِ حسرت میں

خدا کا شکر ہی طے ہو گئی یہ زیست کی منزل
تھکا ماندہ تھا رستے کا ملا آرام تربت میں

تری رحمت سے زحمت میری بدلی آ مرے مالک
سکھایا دامن تر پر تو مہر قیامت میں

وہ لپٹیں لو کی وہ سنسان بن وہ دھوپ کی تیزی
ہزاروں آفتیں سجاد کو ہیں دشت غربت میں

نثار آب بقا ہی تری شانِ بے نیازی پر
جہاں لاکھوں سکندر ہیں تہیدستان قسمت میں

نکالا ہو گا کیونکر شاہ نے حلقوم اصغر سے
ترازو ہو گیا تھا تیر وہ بازوئے حضرت میں

گل داغ عزا کھل جائیں گے عرق میں جاتے ہی
عزاداران شہ سوئیں گے ان پھولوں کی نکہت میں

رہے محو نماز آقا نکالا تیر اور ہ ں نے
فنا فی اللہ وجہ اللہ تھے ذوق عبادت میں

بڑھائی آبرو مشکل کی محبوب داور نے
پلایا آب کوثر لا کے میدانِ شہادت میں

کب اوسکی کنہ ذات پاک کو پہنچے نگاہ اثبات
نہیں معلوم جب اتنا کہ تو کیا ہی حقیقت میں

سلام

سلامی روضۂ شبیرؑ میں جا کر جو ہم نکلے
غم آلِ نبی دل میں رہا دنیا کے غم نکلے

سلامی کی یہ حسرت یا الٰہی مرتے دم نکلے
زباں سے یا محمدؐ یا علیؑ اور تن سے دم نکلے

خدا کے گھر میں بھی خواہان جاں اہل ستم نکلے
بدل کر حج کو عمرے سے امام محترم نکلے

بتا اے دل شکایت بخت گردوں کی جو ہر دم ہے
ترے ارمان کیا میرے گناہوں سے بھی کم نکلے

ثنائے روئے اکبرؑ میں نکلتے ہیں نئے مضموں
کہ جیسے پھول سے خوشبوئے تازہ صبحدم نکلے

جواہر کے مکاں رہنے کو پائے رونیوالوں نے
دم محشر ذرا اشک عزا بھی اک رقم نکلے

زمانے پر ہے اعجاز علمدارؑ آج تک ظاہر
مٹا طاعون کا نام و نشاں جس جا علم نکلے

اشارے سے کہا اکبرؑ نے دل کا حال سب کہدوں
اگر سینے سے پھل برچھی کا یا شاہ امم نکلے

سکینہؑ کہتی تھی اماں رسن کھلوا دو گردن سے
یقیں ہے کوئی دم میں گھٹ کے میرا تن سے دم نکلے

عیال اطفال مال احباب سب دنیا کے ساتھی تھے
شریک حال بس اعمال اپنے مرتے دم نکلے

محرم میں یہ چھایا ہے غم آل نبیؐ دل پر
خوشی بھولے سے آ نکلے تو دل سے بن کے غم نکلے

عزائے مصحف ناطق میں کھولا ہمنے جب قرآں
سپارے پارہ پارہ غم سے کل حرف الم نکلے

قیامت کا سماں تھا عورتیں کوٹھوں پہ روتی تھیں
جدھر کوفے میں ہو کر اسیر اہل حرم نکلے

روانی ہے غضب آب دم تیغ حسینی میں
جو اس پانی میں ڈوبے نار میں اہل ستم نکلے

جو کھینچی میاں سے تیغ دو دم عباسؑ غازی نے
سران فوج کس گنتی میں ہیں تیغوں کے دم نکلے

کٹا سر پر نہ سر کے راہ مولا سے مرے مولا
سوار دوش احمدؐ کس قدر ثابت قدم نکلے

شریعت اور طریقت جنکو ہم سنتے تھے برسوں سے
دم تحقیق پیغمبرؐ کے دو نقش قدم نکلے

جھکا دیں کیوں نہ سجدے میں سر اپنا سبط پیغمبرؐ
خم شمشیر میں جب شکل محراب حرم نکلے

فراق شاہ میں کہتی تھی روکر فاطمہؑ صغرا
یقیں ہے حسرت دیدار میں آنکھوں سے دم نکلے

بسیں خوشبو سے گلیاں اور دلوں کی کھل گئیں کلیاں
جدھر رستے میں ہو کر حضرت خیر الامم نکلے

فقیر اللہ کے رہتے ہیں مستغنی امیروں سے
ادھر سے منہ پھرایا جس طرف اہل حشم نکلے

قطعہ

اگرچہ اور بھی گذرے ہیں غازی آل ہاشمؑ میں
مگر مثل حسینؑ ابن علیؑ جرار کم نکلے

انہیں ہاتوں میں ہو تیغ و سپر حیدرؑ یوں لڑیں تنہا
کہ جن ہاتوں پہ دم بھر پہلے ششماہی کا دم نکلے

ادھر ہیں عاصی مضطر ادھر ہے شعلہ دوزخ
کہیں قصہ چکے رحمت تری بنکر حکم نکلے

تعالی اللہ کیا کہنا ہے اے خلد نجف تیرا
کہ آدمؑ چھوڑ کر تیرے لئے باغ ارم نکلے

دم آخر حسینؑ ابن علیؑ آئیں نظر یارب
لبوں سے آہ دل سے آرزو آنکھوں سے دم نکلے

دلِ ثابت تھا جب ثابت نہ آتا تھا نظر کچھ بھی
جو ٹوٹا شیشۂ دل سیکڑوں ہی جامِ جم نکلے

سلام

سلامی اشکِ عزا کا ثواب لیتا جا
لحد بسانے کو عطرِ گلاب لیتا جا

ولائے آلِ رسالت مآبؐ لیتا جا
لحد ہے تیرہ و تار آفتاب لیتا جا

خمِ غدیر سے جامِ شراب لیتا جا
برائے دامنِ تر آفتاب لیتا جا

مرے سوال پہ پیرِ اکریم کہتا ہے
ٹھہر فقیر درِ بوترابؑ لیتا جا

مکاں بنائے تھے منعم یہ اپنے رہنے کو
اب ان کو قبر میں خانہ خراب لیتا جا

لپٹ کے نعش میں اکبرؑ سے کہتی ہیں مادر
مجھے بھی ساتھ مرے ماہتاب لیتا جا

چمک کے شمسۂ قبرِ حسینؑ کہتا ہے
کہ روز مجھ سے ضیا آفتاب لیتا جا

اشارہ روضۂ شبیرؑ کا ہے زائر سے
کہ دل میں رکھ کے مجھے حق مآب لیتا جا

قطعہ

مریض کہتی تھی اصغرؑ مرے گلے سے تو مل
نہ مجھ کو ساتھ مرے ماہتاب لیتا جا

ترے فراق میں تارے گنوں گی راتوں کو
مری عوض مری آنکھوں کا خواب لیتا جا

گرے جو گھوڑے سے اکبرؑ تو دل سے فرمایا
جوانہ مرگ جہاں سے خطاب لیتا جا

قطعہ

عدو پہ گر کے یہ کہتی تھی برقِ تیغِ حسینؑ
کہ میری ضرب بھی خانہ خراب لیتا جا

سوا سقر میں ہے سوزش کہ میری برش میں
مقابلے کے لئے التہاب لیتا جا

حسینؑ کہتے تھے اکبر شہید ہو کر آج
خدا کی نذر کو اپنا شباب لیتا جا

اشارے کرتا ہے یہ پیچ و تاب موجوں کا
کہ بحرِ دہر سے حیرت حباب لیتا جا

در بہشت پہ بیٹھا ہوا ہوں حسنؑ میں
مجھے بھی سبطِ رسالت مآبؐ لیتا جا

یہ آدھی رات کی مجلس ہے اس میں بھی ہو شریک
نمازِ شب کا بھی ثابت ثواب لیتا جا

سلام

خادم ہے آسمان جنابِ امیرؑ کا
دکھلا رہا ہے آئینہ ماہِ منیر کا

سبطِ نبیؐ پہ دھوپ میں باراں تھا تیر کا
رونا یہی ہے مجرئی ابرِ مطیر کا

شمسہ بنا ہے قبرِ جنابِ اسیرؑ کا
اب عرش پر دماغ ہے مہرِ منیر کا

لکھا ہوا ہے نام جناب امیرؑ کا
کس طرح ڈگمگائے قدم چرخ پیر کا

ہے وقت نزع لب پہ مرے یا علیؑ مدد
ساغر چھلک رہا ہے شراب غدیر کا

حوا سے دور ہوتے نہ فردوس سے جدا
آدمؑ علیؑ سے سیکھتے کھانا شعیر کا

بچے کی لاش کانپتے ہاتوں پہ شہ کے ہے
کیونکر نکالیں حلق سے پیکان تیر کا

بے آبیٔ حسینؑ کا سن سنکے حال غم
دل آب آب ہے کرۂ زمہریر کا

روکر رباب کہتی تھیں اصغر کی یاد میں
بیٹا مرے جگر میں ہے سوفار تیر کا

ادنیٰ سے فیضیاب ہوا علیؑ محال ہے
دھبہ نہ ابر دھو سکا ماہِ منیر کا

اکبرؑ یہ سمجھے آج جوانی کا پھل ملا
نیزہ جو کھایا سینہ پر ابن نمیر کا

اے جاذب عشق نزع میں تُو ح روا کیا
نکلے زباں سے نام جناب امیرؑ کا

وقت قضا بھی سجدۂ خالق ادا کیا
ہر چند شہ کے ماتھے میں روزن تھا تیر کا

قطعہ
قاسمؑ کی ماں یہ لاشۂ قاسمؑ پہ کہتی تھیں
دکھلا یا رن میں خوب اثر دیرے شیر کا

چہرہ لہو سے لال مرے لال کا ہوا
جلوہ عیاں شفق میں ہے ماہ منیر کا

دنیا کی لاکھ فکر ہو ثابت ہزار غم
نشہ نہ اوترے گا شۓ خم غدیر کا

سلام

رضا بلائیں جو روضے پہ اب کے سال مجھے
ہوائے شوق اڑا دے سوئے شمال مجھے

غرور و کبر سے نفرت ہے صنِ خوشنما سے
پسند آئی سلامت روی کی چال مجھے

ہر اک کے شکوہ بیجا پہ سر نگوں رہنا
پسند آئی یہ پیر فلک کی چال مجھے

قطعہ
حسینؑ خانۂ کعبہ میں رو کے کہتے تھے
نہ حج نصیب ہوا آہ اب کے سال مجھے

ہزاروں قافلۂ حاج میں وہ کافر ہیں
نہ زندہ چھوڑیں جو پا جائیں بدخصال مجھے

بدل کے عمرے سے حج کو نکلتا ہوں یارب
فراق کعبہ کا ہر چند ہے ملال مجھے

مرے سبب سے نہ ضائع ہو عزت کعبہ
بندھا ہوا ہے یہی رات سے خیال مجھے

ہر ایک حال میں راضی تری رضا پر ہوں
ستم دکھائے گا کیا چرخ بدخصال مجھے

زمانہ ایک طرف ہو تو کچھ نہیں پروا
جو اپنا سمجھے تو اے رب ذوالجلال مجھے

بلی صراط سے گرنے کو تھے جہنم میں
بچا لیا مجھے مولا نے بال بال مجھے

بچا کے درمیاں میں روز رو کے کہتے تھے کی سم
نہ ہو نے دیجئے گھوڑوں سے پائمال مجھے

سکینہ کہتی تھیں زندان شام میں رہ کر
فلک اس اجڑنے ہوئے گھر سے اب نکال مجھے

کہا یہ ماں نے لاکر جبیں لہو سے ہلال
دکھایا ماتھے پہ سہرا یہ میرے لال مجھے

حسین کہتے تھے گر گر کے راہ مقتل میں
کہاں ہو اے علی اکبر مرے سنبھال مجھے

سر حسین تھا گویا سنان خولی پر
کہیں زوال یہ حاصل ہوا کمال مجھے

سر شک غم سے ہوئی کشت مغفرت سرسبز
عزائے شہ نے کیا حشر میں نہال مجھے

سر نیاز در اہل بیت پر خم ہے
نہیں کسی سے توسل سوائے آل مجھے

کریم دیتا ہے ہر چیز بے طلب مجھکو
ہزار شکر نہیں حاجت سوال مجھے

ہر ایک حال میں ادنٰے ہے مرضیٔ مولا
جناں میں بھیج کہ یارب سقر میں ڈال مجھے

پلک نواز یوں ہیں خلد میں جگہ دیدے
کہ جیسے تو نے دیا اشک انفعال مجھے

وہ سونی قبر وہ نقش وہ حبس وہ ظلمت
گھلائے دیتا ہے اندیشۂ مآل مجھے

ہر اک دلیر مسلم عدو سے کہتا تھا
نہ قتل کر ستم ایجاد پیچ ڈال مجھے

ہوا جو زائر شبیر خاک سے ہوا پاک
یہ خاک پاک نے دکھلا دیا کمال مجھے

کسی ہنر کا تو کیا ذکر و فکر ہے ثابت
کہ نقص میں بھی نہ حاصل ہوا کمال مجھے

سلام

لحد میں داغ شہ نامدار لے کے چلے
ہم اس جہاں سے چراغ مزار لیکے چلے

حسین دوش پہ یوں ذوالفقار لیکے چلے
کہ جیسے برق کو ابر بہار لیکے چلے

غدیر خم کے اثر سے تھے خم کے خم پیتے
اوہی شراب کا آخر خمار لیکے چلے

جو دیکھا دور سے آقا کو نزع میں تھے
تو ہنس کے بیٹے ہم جان زار لیکے چلے

قطعہ

کسی نے پوچھا جو عزم سفر تو شہ نے کہا
عدو مرکو زندگی ناپائدار لیکے چلے

سوائے سید سجاد کس کا حوصلہ تھا
کہ ساتھ قافلۂ سوگوار لیکے چلے

عجیب شام غم انجام میں تھی شان امام
کہ مریض اور منزلوں کی مہار لیکے چلے

گلے میں طوق گرانبار پاؤں میں زنجیر — بخار جسم میں تلووں میں خار لیکے چلے
یہ خاص حصۂ عابدؑ تھا ورنہ کیا ممکن — مریض اور شفاعت کا بار لیکے چلے
غنی وہ ہوگئے روکر جو بزم غم سے اوٹھے — کہ دامنوں میں در شاہوار لیکے چلے
یہ ضعف تھا کہ نہ سقے کا اوٹھ سکا لاشا — نشان و مشک شہ بیدیار لیکے چلے
بہم نہ توشۂ اعمال خیر ہم کو ہوا — امید رحمت آمرزگار لیکے چلے
عقاب یوں علیؑ اکبر کو لے چلا جیسے — مہک گلوں کی نسیم بہار لیکے چلے
سکینہؑ کہتی تھیں تنہا سدھارے کوثر پر — مجھے نہ ساتھ بھتیجی نثار لیکے چلے
کہا یہ نزع میں اکبرؑ سے شہ نے گھر میں چلو — تو گود میں پدر بیدیار لیکے چلے
اوٹھائیں بار شفاعت وہیں ہیں طاقت کہ — جو اپنے سر پہ نہ عصیاں کا بار لیکے چلے
پل صراط پہ مانند برق ہم ثابت — زباں سے نام شہ ذوالفقار لیکے چلے

سلام

محو ہیں قدسی حبیب ذوالجلال ایسا تو ہو — خود درود اللہ پڑھتا ہے جمال ایسا تو ہو
اپنا کھانا دے فقیروں کو کرے شکر خدا — جو کہے الفقر فخری اوس کا حال ایسا تو ہو
جز فلک کوئی نہ تھا رونیکو شہ کی لاش پر — بے دیا روئے نوا و خستہ حال ایسا تو ہو
لشکر حر کو دیا آقا نے آب صاف و سرد — شور ہے ابر کرم بحر نوال ایسا تو ہو
ابن کاہل کو جلایا آگ میں مختار نے — بے زباں کے خون ناحق کا وبال ایسا تو ہو
شمر کہتا تھا کرو فرزند زہراؑ کو شہید — روئیں تا حشر آل احمدؐ کو ملال ایسا تو ہو
قبر کی منزل کٹھن ہے جمع کر زاد سفر — کچھ وہاں کام آئے منعم پاس مال ایسا تو ہو

قطعہ

قبر شہ مٹ جائے تھی منشائے ابن معتصم — واقعی سرکردۂ اہل ضلال ایسا تو ہو
کربلا میں کھیتیاں کیں اور لایا آب نہر — رہ گیا ناکام فضل ذوالجلال ایسا تو ہو
قبر پر کس منہ سے جاتا جب نہ ہو پچتا نزع میں — بن گیا آئینہ بانی انفعال ایسا تو ہو
مرتضیٰؑ کے تھے پسر بارہ مگر ہر ایک نیک — سعد ہوں جسکے مہینے سب وہ سال ایسا تو ہو
شق ہوئی دیوار کعبہ جب علیؑ پیدا ہوئے — ضیغم اللہ کا رعب و جلال ایسا تو ہو

قطعہ

جب رہے تنہا خدا سے عرض کرتے تھے حسینؑ
کھینچ لی برچھی علیؑ اکبر کے سینے سے حسینؑ
دیکھکر اصغرؑ کا سر روتے تھے اکثر راہ رو
بہتے دریا میں نہ اک قطرہ پیا عباسؑ نے
ڈھونڈتے ہیں یا علیؑ کہہ کہہ کے اکبرؑ کو حسینؑ
لاکھ ڈھونڈا پر نہ پایا ایک بھی نقص علیؑ
تخت پر بیٹھے جو حیدرؑ ہو گئی تحویل شمس
خشک لب اصغرؑ کے دکھلا کر جھکایا شہ نے سر
رخ پہ خون اصغرؑ بے شیر ملتے ہیں حسینؑ
ہے زمین کربلا پر مجمع انصار شاہ
ہے ولی حق جو بیت اللہ میں پیدا ہوا
نام کو سایہ نہیں جسم رسول اللہ میں
جب در خیبر میں در آئیں علیؑ کی انگلیاں
نزع میں ہچکی جو آئے منہ سے نکلے یا حسینؑ

دھیان اپنوں کا نہ ہو تیرا خیال ایسا تو ہو
دل نہ تڑپے فضل تیرا ذو الجلال ایسا تو ہو
دل پہ عزیزوں کے مؤثر ہو ملال ایسا تو ہو
آل احمدؐ کا ادب ایسا خیال ایسا تو ہو
بیکسی خود کہہ رہی ہے خستہ حال ایسا تو ہو
معترف دشمن بھی ہیں صاحب کمال ایسا تو ہو
عہد عادل ہیں جہاں کا اعتدال ایسا تو ہو
روبرو دشمن بھی انکار سوال ایسا تو ہو
سرخرو پیش خدا زہراؑ کا لال ایسا تو ہو
آسماں ایسا نجوم ایسے ہلال ایسا تو ہو
بیت ایسی ہو تو مضموں حسب حال ایسا تو ہو
نور سرتا پا ہے ظل ذو الجلال ایسا تو ہو
شور تھا شیر الٰہی میں جلال ایسا تو ہو
میرے مولا تیرے ثابت کا مآل ایسا تو ہو

سلام

حر جری جو سوئے لشکر صواب آیا
تو آپ لینے کو فرزند بوترابؑ آیا
جو رن میں بہر دغا ابن بوترابؑ آیا
تو بنکے چتر زری سر پہ آفتاب آیا
کنار نہر جو دلبند بوترابؑ آیا
تو دونوں ہاتوں پہ ساغر لئے حباب آیا
علیؑ کی سعی سے اسلام جب ہوا روشن
جناب حق سے امام مبیں خطاب آیا
عجب کوفت سے کٹتی ہے زندگی افسوس
صدا یہ دیگیا جب سیخ پہ کباب آیا
سنو گے دل سے تو آنسو ضرور نکلیں گے
برس بھی جائیگا گھر کر اگر سحاب آیا
یہ بین کرتی تھیں اصغرؑ کی قبر پر بانوؑ
زمین گرم پہ کسطرح تمکو خواب آیا
چلے حسینؑ سوئے قتل گاہ جب تنہا
تو جبرئیلؑ لئے سامنے رکاب آیا

زیادہ بھولتے ہیں بحر دہر میں کم ظرف
ثبوت ہو گیا پانی پہ جب حباب آیا

حبیبؑ تن گئے رکھا جو شہ نے پشت پہ ہات
جناں کے شوق میں پیری گئی شباب آیا

یہ صف اولٹ گئی وہ غول ہو گیا برہم
حسینؑ فوج پہ آئے کہ انقلاب آیا

فلک پھرایا جو آل نبیؐ کو ننگے سر
تجھے خدا سے بھی ظالم نہ کچھ حجاب آیا

غم حسینؑ میں رویا تو پھر ہنسے گا ضرور
ظہور برق بھی ہوگا اگر سحاب آیا

کبھی نہ دی عرق جسم شاہ سے تشبیہ
ہزار بار مہکتا ہوا گلاب آیا

حسینؑ کہتے تھے اکبر جواں ہوئے بیجاں
پیام موت کا کیا لیکے تھا شباب آیا

ہماری چشم کے آگے نہ آبرو پائی
ہزار بار برستا ہوا سحاب آیا

سمجھ گئے ملک الموت مذہب ثابت
زباں پہ نزع میں جب یا ابوتراب آیا

سلام

سلامی جو حیدر کا در دیکھتا ہے
نصیب اپنا وہ اوج پر دیکھتا ہے

نہ دیکھا فرشتوں نے بھی جن کا سایا
زمانہ انہیں ننگے سر دیکھتا ہے

بھٹکتا نہیں در بدر پھر وہ ہرگز
در علم حق کا جو در دیکھتا ہے

نہیں دیکھتا کس لئے نقص اپنے
جو اوروں کے عیب و ہنر دیکھتا ہے

کہا رو کے صغرا نے جلد آؤ بابا
کہ دل راہ آٹھوں پہر دیکھتا ہے

یہ ہے قبۂ قبر سبط پیمبر
بصد شوق جس کو قمر دیکھتا ہے

قطعہ

کہا شاہ نے یہ بھی قسمت کا لکھا
کہ بسمل پسر کو پدر دیکھتا ہے

حسینؑ آج افسوس جیتا رہا
کہ شکل نبیؐ خوں میں تر دیکھتا ہے

رفیقوں نے دیکھا ہے ماہ محرم
نہ سبزہ کوئی اور نہ زر دیکھتا ہے

جسے دیکھے سورۂ حمد پڑھ کر
رخ سبط خیر البشر دیکھتا ہے

ہے قرآن ناطق ابھی پیش نظر ہو
تو اوروں کو پھر کم بشر دیکھتا ہے

سنا جنت حر نزع میں بھی وہ غازی
رخ سبط خیر البشر دیکھتا ہے

تجھے ذرے جو دیں ہو جائے ثابت
بہت اپنے عیب و ہنر دیکھتا ہے

سلام

بزم مہکے جب کھلے بستہ کلام ایسا تو ہو
مجرئی گلدستہ دار السلام ایسا تو ہو

بیت جنت ہو صلہ جس کا سلام ایسا تو ہو
مدح اہل البیت میں موزوں کلام ایسا تو ہو

عیسیٰ مریم پڑھیں گے پیچھے ہادی کے نماز
ہوں پیمبر مقتدی جس کے امام ایسا تو ہو

دل ہوا مسرور جب دیکھی زمین سامرہ
قائم آل محمد کا مقام ایسا تو ہو

قطعہ
کس شجاعت سے ہیں مصروف جہاد آقا حسین
شیر دل ایسا شجاع ایسا امام ایسا تو ہو

تیز ہاں دکھلا رہے ہیں ذوالجناح و ذوالفقار
شور ہے شمشیر ایسی خوش خرام ایسا تو ہو

دہنے بائیں دونوں آگے یہ دونوں کشتہ ہیں
تیغ جوہر دار گھوڑا خوش لجام ایسا تو ہو

طائر روح رواں آ کے ہوتے ہیں اسیر
جوہر تیغ یداللٰہی کا دام ایسا تو ہو

مطمئن ہیں یا فرش احمد پہ شب ہجرت علی
جانشین حضرت خیر الانام ایسا تو ہو

تیغ ظالم سر پہ سجدے میں ہیں سبط مصطفےٰ
ایسی محراب عبادت میں امام ایسا تو ہو

آ گئے آگے سب سروں کے سر سبط رسول
دانۂ تسبیح ایسے بیش دام ایسا تو ہو

خانۂ حق میں ہوئے پیدا علی نام خدا
خوبصورت ہو نگیں ایسا تو نام ایسا تو ہو

جب پکارا یا علی آئی ہوئی آفت ٹلی
اسم اعظم کا اثر جس میں ہو نام ایسا تو ہو

دوش احمد پر جو سر تھا وہ سناں پر ہے علم
ایسا زینہ اور قرب حق کا بام ایسا تو ہو

قطعہ
فوج حر کو اپنے لشکر کا پلایا تشنے آب
ساقی کوثر کا دلدل کا امام ایسا تو ہو

پی رہے تھے اس طرف گھوڑے ادھر پانی سوار
دشت و دریا بن گیا تھا فیض عام ایسا تو ہو

شور تھا پیاسا نہ جائے کوئی اذن عام ہے
رحمت حق وارث خیر الانام ایسا تو ہو

حکم حاکم تھا کہ آئیں بزم میں گبر و یہود
جتنا تک حرمت ہو حرم کی ازدحام ایسا تو ہو

شمر کہتا تھا مرا خنجر بھی سوکھا ہی رہا
تشنہ لب ایسا تو ہو اور تشنہ کام ایسا تو ہو

قطعہ
پڑھتے ہیں مولا نماز خوف اطمینان سے
چرخ پر فلک ہے دلیر دل کا امام ایسا تو ہو

ہیں یہ نفس مطمئنہ نص قرآں ہے گواہ
سجدہ ایسا ہو قعود ایسا قیام ایسا تو ہو

کہتا تھا مختار نہریں خون اعدا کی بہیں
جوش زن دریائے قہر و انتقام ایسا تو ہو

کربلا سے تا مدینہ پانچ دن کی راہ ہو
ریل کا ثابت عرب میں انتظام ایسا ہو

سلام

جو دل پہ ضرب غم شاہ ذوالفقار نہیں
وہ سکہ قلب ہے زر کامل العیار نہیں

قطعہ

اوٹھا لیں بار شفاعت او نہیں میں طاقت ہے
کہ جنکے سر پہ اپنے گناہوں کا بار نہیں

تلاش حق میں نہ ہو تین تیرہ سن مجھ سے
وہ ہیں چہاردہ معصوم تین چار نہیں

نہیں ہے غیر کی جا دل میں جز آئمہ نور
اس آئینہ میں کہیں بال بھر غبار نہیں

عدو کی فوج جو بھاگی تو حُر ہے نعرہ زناں
اسد ڈکارتا ہے سامنے شکار نہیں

زمین ماریہ دشت نجف کی ہمسر ہے
وہ کون سا ہے جو حاصل اسے وقار نہیں

وہ ہے کریم کی اور یہ رحیم کی سرکار
وہاں حساب نہیں ہے یہاں فشار نہیں

اوٹھایا بار امامت پہ شہ نے بار الم
فلک تو کیا ہیں ملک ایسے بردبار نہیں

کسی کی بات بھی تو پوچھتا نہیں منعم
ترے خیال میں کیا پرسش مزار نہیں

قطعہ

چلے ہیں خیمے سے تنہا سکوت میں مولا
رکاب شاہ میں کوئی رفیق و یار نہیں

ندا یہ دیتی ہیں ڈیوڑھی سے حضرت زینبؑ
جلو میں ہائے اخی کوئی جاں نثار نہیں

کہاں ہیں عون و محمدؑ کہاں علیؑ اکبر
سوئے یمیں نہیں کوئی سوئے یسار نہیں

میں اب تو اوڑھ کے چادر نکلتی ہوں باہر
کنیز تو ہے جو کوئی رکاب دار نہیں

درِ حسینؑ پہ دنیا و آخرت ہے بخیر
جسے ملال نہیں مر گئے فشار نہیں

غدیر خم کی مے خوش گوار ہے کچھ اور
کہ اس شراب میں لذت ہے اور خمار نہیں

نصیب جنکے ہیں یاور وہ دیکھ لیتے ہیں
کہ ہر کسی پہ شب قدر آشکار نہیں

قطعہ

حسینؑ لاشہ اصغر لیے ہیں گود میں آہ
جو قبر کھودے کوئی ایسا غم گسار نہیں

خبر یہ دیتا ہے چہرے کا رنگ سرخ و سفید
جگر میں درد نہیں دل میں اضطراب نہیں

فرشتے کہتے ہیں کیا نفس مطمئنہ ہیں
عجب اس کا ہے مطلق یہ بیقرار نہیں

زمین ماریہ دریائے رحمت حق ہے
کہ شیر آب میں کچھ حاجت فشار نہیں

بچاس سال سے اوپر ہے عمر اے ثابت
مگر تو اپنے گناہوں سے شرمسار نہیں

سلام

ہچکی ہے خوف سے سر محشر لگی ہوئی — دل کی بجھائے ساقی کوثر لگی ہوئی
بیٹھے تھے جو سفینۂ آل رسول میں — کشتی اونھیں کی ہے لب کوثر لگی ہوئی
پیرو ضرور خلد میں پہنچیں گے یا رسول — جنت ترے قدم سے ہے سرور لگی ہوئی

قطعہ

بستر ہے اپنا در پہ حبیبِ الٰہ کے — چوگرد بھیڑ ہے سرِ بستر لگی ہوئی
صندل لگائیں اب ہمیں یہ دردِ سر کہاں — خاکِ درِ نبی ہے جبیں پر لگی ہوئی
فرفر ہوا بہشت کی مرقد میں آتی ہے — کھڑکی ہے میری قبر کے اندر لگی ہوئی
چھینٹے دو منہ پہ دستِ کرم سے تو جان آئے — دل میں ہے آگ ساقی کوثر لگی ہوئی
روتا ہے دل فراقِ مدینہ میں رات دن — ساون کی یہ جھڑی ہے برابر لگی ہوئی

قطعہ

کس شان سے جہاد کو جاتے ہیں مصطفےٰ — ہے ڈاب میں حسام دو پیکر لگی ہوئی
نیزہ ہے ایک ہات میں اور ایک میں مہار — دونوں طرف ہے آنکھ برابر لگی ہوئی
ناقہ وہ تیز چلتی ہے تیزی سے جسکی برق — ہے تن بدن میں آگ سراسر لگی ہوئی
فتنے جہاں کے سر جو اوٹھاتے نہیں ہیں اب — کیا ناقۂ نبی کی ہے ٹھوکر لگی ہوئی
امکان کیا ہوا بھی جو آگے نکل سکے — گردِ قدم کے ساتھ ہے صرصر لگی ہوئی
عمامۂ سحاب پہ جھڑی سحاب کی — چوگرد جسکے نور کی جھالر لگی ہوئی
تاریکیِ مزار سے ثابت کو دے نجات — لو ہے تجھی سے شمع پیمبر لگی ہوئی

سلام

الفت قرآن و عترت مل گئی — دو جہاں کی ہمکو دولت مل گئی
اشک غم کے بدلے جنت مل گئی — حشر میں منہ مانگی قیمت مل گئی
کربلا میں جسکو تربت مل گئی — اے سلامی اوسکو جنت مل گئی
آل کو حق سے فضیلت مل گئی — خاص قرآں سے یہ صورت مل گئی
جاں بلب اسلام تھا تشنہ میں — جان دی شہ نے تو صحت مل گئی
ہو گیا فی النار ابن سعد نحس — خوب ہی رے کی حکومت مل گئی

بام پر مسلم گئے بولے ملک | ان کو معراج شہادت مل گئی
نذر اللہ شہ نزع میں تکیہ ہوا | حر کو بھی کیا خوب قسمت مل گئی
بھاگی فوج شر تو حضرت نے کہا | پڑھ نماز لیے دل کو فرصت مل گئی
قبر میں رکھکر نہ ٹھہرا کوئی دوست | خاک میں سب کی محبت مل گئی
کل بہتر نے دیا بیکس کا ساتھ | ناکسوں سے ساری خلقت مل گئی
خوش بیاں اکبر تھے اور صابر حسین | جب تو دو باتوں میں رخصت مل گئی
قبر اصغر دیکھ کر بولیں رباب | خاک میں میری ریاضت مل گئی
سر سے حضرت کے عمامہ جب گرا | حق سے دستار شفاعت مل گئی
جب سر عباس دو ٹکڑے ہوا | باپ سے بیٹے کی صورت مل گئی
قید میں جا کر بڑھی توقیر آل | پیش حق ذلت میں عزت مل گئی
ہے شہیدوں میں کوئی اصغر کا مثل | شہ کے ہاتھوں پر شہادت مل گئی
چاہیے سیرت میں ہو نیکوں کی شکل | کیا ملا اس سے جو صورت مل گئی
جس نے سجدہ باب حیدر پر کیا | اوسکو اکسیر سعادت مل گئی
دوش احمد پر علی ہیں شور ہے | آج امامت سے نبوت مل گئی
اہل حق کو قید خانہ تھا جہاں | روح جب نکلی تو راحت مل گئی
جب کیا ثابت در شبیر پر | زندگانی کی حلاوت مل گئی

سلام

شیشۂ دل میں مزار شہ کا نقشا چاہیے | پہلوئے مومن میں فردوس [illegible] چاہیے
جو جنت چاہیے یارب نہ طوبیٰ چاہیے | ایک رحمت کا تری ہمکو سہارا چاہیے
ہمکو یہ دنیا نہ مال و جاہ و دنیا چاہیے | دل کو حب آل پیمبر کا سودا چاہیے
صبر پر شبیر کے خود صبر کو ہے فخر و ناز | ناز بر دوش نبی کا ایسا ہونا چاہیے
سینۂ اکبر سے برچھی گردن اصغر سے تیر | کھینچلا پر نہ نکلے صابر ایسا چاہیے
سر کٹا لیکن نہ سرکے راہ مولا سے حسین | ضابطہ ایسا چاہیے مضبوط ایسا چاہیے

دوش احمدؐ پر علیؑ کعبے میں ہیں اک شور ہے
رتبہ علیؑ کا اعلیٰ آج دیکھا چاہئے

سامنے اصنام کے جسکی نہ گردن خم ہوئی
واقعی بت توڑنے کو ایسا بندا چاہئے

لاشۂ سبط نبیؐ گھوڑوں سے ہو پامال حیف
اے فلک پھٹ کر زمیں پر تجھکو گرنا چاہئے

دوستوں سے ہے وصیت سید مظلوم کی
بھر کے آہ سرد آب سرد پینا چاہئے

دو جہاں لیکر بھی سائل ہی رہینگے اے کریم
تو غنی۔ محتاج ہم پھر کیوں نہ ایسا چاہئے

جس مسافر کی مصیبت کل سنیں ہم تذکرہ
حال پر شبیرؑ کے آنسو بہانا چاہئے

قطعہ

فاطمہ زہراؑ نے اک دن عرض کی پیش رسولؐ
میرے چھوٹے کو بڑے سے کم نہ پایا چاہئے

بچۂ آہو اُنہیں بخشا انہیں بھی دیجئے
دونوں یہ آنکھیں ہیں یکساں انکو ملا چاہئے

دوسرا آہو لئے آئے اتنے میں روح الامیں
بولے یہ شبیرؑ کو دیکر منانا چاہئے

ناز اُٹھاتا ہے خدا اپنے شہ ناز کے
فاطمہ کے نازنیں کی قدر دیکھا چاہئے

جسکو ایماں کہتے ہیں تیری ولا ہے یا علیؑ
کیوں نہ جان و دل سے بڑھکر تجھکو مولا چاہئے

مجلس چہلم یہ ہے سبط شہ لولاک کی
آج ثابت کھول کر دل خوب رونا چاہئے

سلام

آل و قرآں کی ولا شرط ہے اسلام کیساتھ
کہ صراحی بھی ہے ساقی بھی ہے اس جام کے ساتھ

حر کے ماتھے پہ رومال بندھا زہرا کا
شہ نے خلعت بھی دیا خلد کے انعام کے ساتھ

بے نواؤں کی خبر کیا تمہیں دولت والو
تمکو صدمے بھی پہنچتے ہیں تو آرام کے ساتھ

عاشقوں کے لئے اک مرثیہ ہے اسم حسینؑ
آنسو آنکھوں سے ٹپک پڑتے ہیں اس نام کے ساتھ

کعبہ مولد ہے علیؑ کا تو ہے مسجد مشہد
واہ کیا ربط ہے آغاز کو انجام کے ساتھ

پالنے والی پیمبرؐ کی۔ علیؑ کی ماں ہیں
وحی ان بی بی کے گھر آئی ہے الہام کے ساتھ

بھیجئے نام محمدؐ پہ مع آل درود
سر قرآں پہ بھی ہے میم الف لام کے ساتھ

حاجیو! قرب خدا چاہو تو یا رہو مضبوط
دامن آل عبا چادر احرام کے ساتھ

قاتل آل نہ کافر تھے نہ مومن بخدا
کفر مخلوط تھا اس قوم میں اسلام کے ساتھ

حق نے بخشی ہے عجب اسم علیؑ میں تاثیر
دل مومن میں سرور آتا ہے اس نام کے ساتھ

رہ کے دنیا میں نہ مفتوں ہوا سپرا دل
مرغ دانا کو نہو عشق کبھی دام کے ساتھ

حر نے رستے میں پڑھی شاہ کے پیچھے جو نماز
حق نظر آگیا تکبیرۃ الاحرام کے ساتھ

اولیا ہم سے گنہگاروں میں کیونکر ہوں شریک
خاص جنت میں بھی رہ سکتے نہیں عام کیساتھ

ہوئی کعبے میں جو معراج علیؑ کو حاصل
دل حساد شکستہ ہوئے اصنام کیساتھ

جس طرح آل نبیؐ سے کیا امت نے سلوک
آج اوسی طرز سے پیش آتے ہیں اسلام کیساتھ

یوں علیؑ رہتے تھے ہمراہ پیمبرؐ ہر دم
فتح جیسے علم لشکر اسلام کے ساتھ

منعمو! مال ملا بھول گئے لا تنہرو
بات بھی سائلوں سے کہتے ہو دشنام کیساتھ

پشت پر رحمت حق سر پہ علم کا سایا
حر کو عباسؑ جری لائے اس اکرام کیساتھ

یاد اصغرؑ میں یہ فرماتی تھیں رو رو کے رباب
دل کا آرام گیا ہائے دل آرام کے ساتھ

قطعہ

زن حارث نے یہ حارث سے کہا او کم ظرف
اپنا اسلام ڈبویا لب جو نام کے ساتھ

قتل بچوں کو کیا مال کے لالچ سے آہ
لیجیو نار میں جاگیر بھی انعام کے ساتھ

عوض آل نبیؐ ہوتا خود اسلام شہید
صلح فرماتے جو آقا سپہ شام کیساتھ

یہی پہچان ہے ہر معترض حاسد کی
حسن اوسکو نظر آتے نہیں اسقام کیساتھ

حرز جاں ورد زباں اسم علیؑ ہے ثابت
میرے دل پر کلمہ نقش ہوا اس نام کیساتھ

قصیدہ بمدح حضرت قائمؑ و امام حسینؑ مسمی بجان فاطمہؑ

تمہاری راہ عاشق دیکھتے ہیں رات دن دل سے
ہر اک دم جان دو بھر زندگی کٹتی ہے مشکل سے

حسیں مشکل سے ملتے ہیں نہ دل ملتے ہیں مشکل سے
مگر کمیاب ہیں احباب جو ملتے رہیں دل سے

وفاداری کے پتلے جاں نثاری کے مرقع ہیں
کوئی دیکھے تمہارے عاشقوں کو دیدۂ دل سے

تم ان کے چودھویں کے چاند ہو آؤ گے مرقد میں
اسی باعث سے گھبراتا نہیں دل پہلی منزل سے

یہی ہے کعبۂ مقصود بھی مقصود کعبہ بھی
خدا تک راہ جاتی ہے اسی ویرانۂ دل سے

اسی ویرانۂ دل میں کبھی جلوہ تمہارا تھا
ملک تعبیر کرتے تھے اسی فردوس منزل سے

تمہارا نور دیکھا روضۂ باب الحوائج میں
وہ جوہر وصل ہو کر رہ گیا آئینۂ دل سے

ہوا جلوے روئے روشن میں عجب تاثیر ظاہر تھی
کہ پروانے کشیدہ ہو رہے تھے شمع محفل سے

وہ نقشہ نقش ہے دل پر نہ ہوگا محو اے صاحب
مٹے جب تک نہ یہ نقش حیات آئینۂ دل سے

ولادت ہے تمہاری نیمۂ شعبان شب جمعہ
جو تاریخ تولد دل نے پوچھی ماہ کامل سے

کہا لکھ قائم آل عبا لوح دل و جاں پر
سنی ہے میں نے یہ تاریخ اک مداح کامل سے

تمہارے جد اعلیٰ کی بھی شعبان میں ولادت ہے
ملے ہیں آکے دو دریائے رحمت ایک ساحل سے

سعادت میں جو پندرہویں وہی ہے تیری بالکل
ہر اک قطرہ ہے اس دریا کا شیریں فضل مفضل سے

کلام اللہ ناطق کی بھی ہر آیت کریمہ ہے
ہلال آسماں کا ہے مقابل ماہ کامل سے

برابر سب ائمہ ہیں بڑے ہوں سن میں یا چھوٹے
کسی صورت سے قرآں بڑھ نہیں سکتا حمائل سے

پڑھوں تاریخ حسین ابن علی میں مطلع حاضر
یہ مطلع نور کا نکلا ہے دیوان فضائل سے

مطلع

خدائی بخشدیتے ہو گدا کو دست بادل سے
پھر اوس پہ ہے یہ طرہ رہتے ہو محجوب سائل سے

خدا کی خاص چشم رحمت تم پر نہ ہو کیونکر
کہ تم ہو عاشق جانباز دل کو راہ ہے دل سے

تعجب کیا بھلا اس کا کہ تم اشجع ہو اسخی ہو
ائمہ متصف سب ہیں انہیں اعلیٰ خصائل سے

مگر حیرت یہ ہے کل اقربا اصحاب رہ پائے
ملا تھا جنکو حصہ سب رسولوں کے فضائل سے

دل افسردہ ۔ زباں خاموش سر گرد غربت کی
مثال شمع کشتہ ہو کے بھی نکلے نہ محفل سے

بہتر نے شجاعت سے زمانے کو یہ دکھلایا
کبھی حق پست ہو سکتا نہیں فوج باطل سے

بہتر مرتبہ سے آپ کے واقف ہیں یا عترت
گل رعنا کا جلوہ دیکھیے چشم عنادل سے

زمانے بھر سے بہتر آپکو دیں نعمتیں حق نے
کیا ممتاز حضرت کو سب اقران و اماثل سے

بشر کی خصلتیں گھوڑے میں اسپ مرتجز ایسا
نہ دریا میں پیا پانی پھرا پیاسا ہی ساحل سے

لڑائی میں مدد کی اور اسکے بعد کام آیا
گرائے خاک پر اعدا ہزاروں فوج باطل سے

وفاداری میں شمشیر علی تھی اسپ کی ہمدم
دلوں میں ڈوب جاتی تھی نکلکر سینان دل سے

ہزاروں شیخ نجدی بنگئے تھے دشت میں مجنوں
نکلتے دیکھکر لیلائے حسن آرا کو محمل سے

غرور و کبر کے پتلوں کو چن چن کر کیا بے سر
سرونکے ساتھ اوترے تن ہزاروں دست قاتل سے

حیات و موت یکساں ہے شہید ناز مولا کی
زمانے پر یہ دعوے کر دیا ثابت دلائل سے

ہزاروں اہلِ باطل کو دکھائی راہ جنت کی
ہدایت کی اُدھر سے گذرا جو سر راہب کی منزل سے

سیاہی شامیوں کے نامۂ عصیاں کی جب پھیلی
تو نقطہ نورِ حق کا دب چلا تھا نقشِ باطل سے

زمانے بھر میں کفر و شرک ظلم و جور پھیلا تھا
بداطواری میں ہر عالم تھا بدتر سند جاہل سے

بہائم کی طرح تمیزِ خیر و شر نہ باقی تھی
سمجھتے تھے برا تریاق کو زہرِ ہلاہل سے

خدا کے دین کی کشتی بھنور میں ڈوبنے کو تھی
کہ حضرت نے نکالی اور باندھی لا کے ساحل سے

قصیدہ ختم کر وقتِ دعائے خیر ہے ثابت
کہیں آمین سب یہ التجا ہے اہلِ محفل سے

الٰہی ناصرِ ملت کی تو ہر دم مدد فرما
کہ نصرت عترت و قرآں کی فرماتے ہیں دل سے

جو ہیں اس بزم میں حاضر مقاصد انکے بھی بر لا
کوئی محروم کیوں جائے درِ فیاضِ باذل سے

نہ یہ اشعار نشتر ہیں نہ خنجر ہیں نہ منتر ہیں
مگر گھر کرتے ہیں دل میں کہ نکلے ہیں یہ بھی دل سے

سلام

عبادت میں بسر یوں عمر جان آفریں ہوتی
کہ بابِ علم کا در اور ثابت کی جبیں ہوتی

حرم کیا جس جگہ پیدا الٰہی یعسوبِ دیں ہوتی
یقیناً پھر وہی جا قبلۂ اہلِ یقیں ہوتی

کشش تیری جو رہبر یا امیر المومنیں ہوتی
نجف میں اس برس ہمکو رجب کی تیرھویں ہوتی

رسالت مثلِ ہاروں و نکو حاصل بالیقیں ہوتی
نہ ذاتِ مرتضیٰؑ گر نفسِ ختم المرسلیں ہوتی

درِ شبیرؑ کو ہم چھوڑ کر جنت میں کیوں جاتے
جو خود حائر نہ جا کر شاملِ خلدِ بریں ہوتی

جو خصلت بوم کی ہے بس وہی مغرور شاہونکی
کہ ہمسایہ میں ان لوگوں کے آبادی نہیں ہوتی

نکالے تھے خدا کے گھر سے بت اوسکی خبر رکھی
نہ کیوں کعبہ میں معراجِ امیر المومنیں ہوتی

سیاہ شام کے دل تھے لبالب بغضِ عترت سے
نصیحت مصحفِ ناطق کی پھر کیا دلنشیں ہوتی

اگر مہرِ نبوت پر نہ حیدرؑ کا قدم ہوتا
تو پھر خاتم رسالت کی اظہار بے نگیں ہوتی

جو اسمِ پنجتن دل کے سفینے پر نہ لکھ لیتے
تو کشتی نوحؑ کی طوفانِ غم میں تہ نشیں ہوتی

بحکمِ حق جو ساری جنتوں کا ایک گھر بنتا
نجف بن جاتی چھت رفعت میں جا عرش نشیں ہوتی

نہ رہتے چین سے خاصانِ حق گر یہ کبھی دم بھر
اگر فردوس میں بھی یہ فلک و در زمیں ہوتی

جمالِ فاطمہؑ گر دیکھ لیتیں آ کے دنیا میں
تو ہر نقشِ قدم پر فرش چشمِ حورِ عیں ہوتی

یہ حسرت فاطمہ صغرا کے دل میں رہ گئی ہے کہ
ربابؑ اصغرؑ کے ماتم میں جو مضطر تھیں تو باعث تھا
جلایا حرملا کو آگ میں مختارؓ نے آخر
کفن جیسے دیا خاک شفا کا تم نے اے مولا

قطعہ

جہاں بابا مرے جا کر بسے ہیں بھی وہیں ہوتی
لگی ہو آگ جس دل میں اسے تسکین نہیں ہوتی
کہیں دنیا میں ایسی بھی ہے آہ آتشیں ہوتی
یونہیں ثابت کو حاصل کی عطا دو گز زمیں ہوتی

سلام

غم نزع میں بدل گیا دل کی خوشی کے ساتھ
کانٹوں کی نوک چھونک تو دیکھو کلی کے ساتھ
انسان غم کے ساتھ ہے غم آدمی کے ساتھ
دونوں جہاں کے رنج سے حاصل ہوئی نجات
عالم ہے ایک جسم میں اور ایک قلب میں
گزری جوانی اور جوانی کے ولولے
گلچیں! نہ توڑ موسم گل میں گل مراد
نقش و نگار دہر پہ اے دل نہ جا یو
خلوت نصیب ہو نہیں سکتی جہاں میں
پیسا ہمیں شباب نے پھر خود بھی چل بسا
ادنیٰ سے یہ کرشمے ہیں کبر و غرور کے
نام خدا یہ گلشن رحمت کی ہے نسیم
ماہِ عزا میں رکھتے ہیں مردم نئی سبیل
دنیا میں حرؓ نے مر کے وفا کو جلا دیا
مختارؓ نے عوض لیا خون حسینؑ کا
جو تجھ پہ مرثیو لئے ہیں اے عرض کربلا
قبر سکینہؑ پہ بھی زینبؑ کے بین تھے
جوہر سے کشمکش میں عرض بھی جدا ہوا
نکلی جو روح نام علیؑ ولی کے ساتھ
بدکار جیسے رہتے ہیں نیک آدمی کے ساتھ
پھر کس طرح کسی کی بسر ہو خوشی کے ساتھ
دل میں غم حسینؑ ہے یاد علیؑ کے ساتھ
ہیں دو جہان واقعی ہر آدمی کے ساتھ
اک چاند تھا کہ ڈوب گیا چاندنی کے ساتھ
دل باغباں کا ٹوٹے گا ہر پنکھڑی کے ساتھ
ہوشیار ہو کہ سانپ بھی ہے کینچلی کے ساتھ
اک لشکر خیال ہر آدمی کے ساتھ
رہتا نہیں ہے کوئی ہمیشہ کسی کے ساتھ
رہتی نہیں ہے یاد خدا کی خودی کے ساتھ
کھل جاتی ہے دلوں کی کلی یا علیؑ کے ساتھ
جاری ہیں اشک نام حسینؑ سخی کے ساتھ
غازی کو موت آئی نئی زندگی کے ساتھ
جائیگا یہ بھی خلد میں حرؓ جری کے ساتھ
بے تیرے جائیں گے نہ جناں میں کسی کے ساتھ
تھا عشق میرے بھائی کو اس لاڈلی کے ساتھ
اب ہے عرق میں بھی جو مہک سیوتی کے ساتھ

پھرتی بھی اپنی ساتھ جوانی کے اڑ گئی
رخصت ہوئی وہ تیزی پری بھی پری کے ساتھ

لائے ہیں وقت نزع علی بھی حسین بھی
دیکھو بہار چاند بھی ہے چاندنی کے ساتھ

ضامن ہیں جمع ہو گئے صبر حسین کیا
راہ خدا میں رنج اٹھائے خوشی کے ساتھ

روئے غم حسین میں دل باغ باغ ہے
ہر بوستاں کی نشو و نما ہے تری کے ساتھ

اعلی حبیب حق سے جو ہوتا کوئی رسول
آتا وہی بجائے محمد - علی کے ساتھ

حر دل میں کہہ رہا تھا رخ شمر دیکھکر
لاریب ہے شقی جو رہے اس شقی کے ساتھ

سب انبیا کی حیدر صفدر نے کی مدد
نام انکا ہے بنا یہ رہے ہر نبی کے ساتھ

یوں خاتمہ بخیر ہو ثابت کا سب کہیں
ہونٹوں سے جان نکلی ہے نام علی کے ساتھ

سلام

خاصان حق سے ہونگے نہ اعدائے دیں بلند
دوزخ ہے پست اور بہشت بریں بلند

مانا کہ ہے وقار میں عرش بریں بلند
نعلین مصطفٰے سے تو پھر بھی نہیں بلند

برتر ہے سب انبیا سے ہیں محبوب کبریا
ہے ہر یقیں سے رتبہ حق الیقیں بلند

شہباز سے امان کبوتر نے پائی ہے
دست خدا کا ہے شرف آستیں بلند

طبقہ جناں میں جائیگا خاک شفا کا جب
کہدیں گے سب فلک سے بھی ہے یہ زمیں بلند

اس شکل سے نہ کوئی نظر آئے گا حقیر
آنکھوں پہ رکھ وقار میں ہیں خوردبیں بلند

کہتا تھا سر حسین کا نیزے پہ دیکھ لو
ہوں لاکھ انقلاب رہیں گے ہمیں بلند

اعلی میں جو ہنر ہیں وہ کیا دیکھے عیب بیں
ہوتی نہیں کبھی نظر نکتہ چیں بلند

آدم کو سجدہ کرتے نہ کیونکر ملائکہ
نور محمدی تھا میان جبیں بلند

جلتے تھے جب خیام تو اٹھتا تھا دھواں
آہیں حرم کی خیمۂ عصمت میں تھیں بلند

قطعہ

بت توڑ کر نبی نے بڑھایا علی کا اوج
اصنام سرنگوں تھے امام مبیں بلند

غل تھا علی کے مہر نبوت پہ ہیں قدم
نام خدا ہے نقش سے نام نگیں بلند

دشمن سے بچ گیا تو اجل سے اماں کہاں
منعم بنا رہا ہے جو حصن حصیں بلند

اشک عزا مژہ پہ ہے غم کی بہار دیکھ
شاداب شاخ پر ہے گل یاسمیں بلند

دشوار ہے جواب سلام نفیسؔ کا
ثابت شرف میں ہے وہ سخن آفریں بلند

سلام ثانی

کعبے سے کربلا ہے شرف میں کہیں بلند
دالان سے وقار میں ہے شہ نشیں بلند

حائر سے قدر میں ہے نجف کی زمیں بلند
کرسی کا پایا عرش سے ہے بالیقیں بلند

گو دیکھنے میں ہو فلک ہفتمیں بلند
رتبے میں کاظمین سے لیکن نہیں بلند

چرخ چہارمی پہ ہے تصویر بوترابؑ
ہیں جنکے دم سے عیسیٰ گردوں نشیں بلند

کب گھٹ سکے گا پنجتنوں کے گھٹانے سے
حق نے کیا ہے رتبۂ یعسوب دیں بلند

حق ہے علیؑ کے ساتھ علیؑ حق کے ساتھ ہے
الحق کہ حق کے اوج سے باطل نہیں بلند

بہتر ہیں فاطمہؑ سے علیؑ اور ان سے مصطفےٰ
دامن سے جیب جیب سے ہے آستیں بلند

نکلا جو گھر سے حُرّ نظر آئے جناں کے قصر
پائی تھی کس طرح سے نظر دوربیں بلند

قتل علیؑ سے بڑھ گئے اعدا کے حوصلے
کی ملک بھر میں بیرق بیداد کیں بلند

عترت سے جو ملا وہ خدا تک پہونچ گیا
اللہ کس قدر ہے یہ حبل المتیں بلند

ہے بوترابؑ و ساقیٔ کوثر علیؑ کا نام
اس وجہ سے ہے آبروئے ماء و طیں بلند

عباسؑ غیظ میں ہیں کہ پانی نہیں ملا
تیغ علیؑ کے ساتھ ہے چین جبیں بلند

پہونچا جو خیمہ گاہ میں آیا مجھے خیال
نالے حرم کے تھے شب عاشر یہیں بلند

خندق میں زیر پائے علیؑ پر بچھا دئے
پایہ علیؑ کا سمجھے تھے روح الامیں بلند

نقارہ بج رہا ہے کہ ہے روح کا سفر
یٰسین کا ہے شور دم واپسیں بلند

دنیا میں آگ لگ گئی قتل حسینؑ سے
ہر سو تھے جنگ سے شرر آتشیں بلند

قطعہ

دیکھو غدیر خم میں خوش ایماں شرابیو
خم خانۂ ازل کی ہے مے و انگبیں بلند

بالائے نور نور خدا جلوہ گر ہے آج
یٰسیں کی رحل پر ہیں امام مبیں بلند

یہ اوج یہ سماں کبھی دیکھا تھا اے فلک
ہے دست آفتاب پہ ماہ مبیں بلند

قرآن بولتا ہوا احمد اوٹھائے ہیں
دست دعا ہیں جانب جاں آفریں بلند

فرماتے ہیں کہ دوست رکھ اے کبریا اوسے
ہو جسکے دل میں رتبۂ یعسوبؑ دیں بلند

اس انجمن کا عکس مگر کربلا میں ہے
ہاتوں پہ ہے حسینؑ کے اک مہ جبیں بلند

ہمنام بھی علیؑ کا ہے ہمشان و شکل بھی
مانا کہ مرتبہ میں تو اونسے نہیں بلند

اصغرؑ لقب ہے اور سب اوصاف میں ہے کم
لیکن ہے سر پہ کوہ غم اُن سے کہیں بلند

ثابت کا خاتمہ ہو بخیر اے خدائے پاک
ہو یا علیؑ زباں سے دم واپسیں بلند

قصیدہ ولادت حضور صلعم

بہت سردی ہے سائل ہوں مئے یاقوت احمر کا
الا یا ایہا الساقی کہ تو ساقی ہے کوثر کا

ادھر ہیں تربتر کپڑے ادھر ہے سیل گھر میں
تری سے دفتر عالم ہے ابتر ذکر کیا گھر کا

اثر سردی کا ہے ہر گرم پھل میں بھی ہے قدرت
مزاج اس فصل میں ہے گرم و تر ہر میوۂ تر کا

سمجھکر گل ہر انگارے کو بلبل گر پڑتی ہے
ذرا دیکھو مزے سے سینکنا ہر بازو و پر کا

لباس پنبہ خاکستر نے پہنایا تو چین آیا
وگرنہ کانپتا شعلے کی صورت جسم اخگر کا

مطلع
چھپا دن تو سفر آخر ہوا خورشید خاور کا
گیا مغرب کے بستر پہ تھکا ماندہ تھا دن بھر کا

فلک سے برف باری ہوتی ہے شبنم کے پردے میں
زمیں سیلی ہوئی کہتی ہے ساحل ہوں سمندر کا

حرارت خانۂ تن میں چھپی بیٹھی ہے دہشت سے
دھواں منہ سے نکلتا ہے تو دل پر شک ہے مجمر کا

لرزتا ہے جگر آخر سرایت کر گئی سردی
اثر ہر ایک شے میں ہے سمائے دامن تر کا

یہ سردی دور ہو دے آفتاب نور اے ساقی
مگر تیرا گدا طالب نہیں ہے ایک ساغر کا

بھرا تھا جو غدیر خم میں دے وہ خم کا خم مجھکو
کہ عالی ظرف تو ہے اور میں سائل ترے در کا

جو گرما جاؤں سردی میں تو شعر گرم و تر نکلیں
کہ اس افسردگی میں قصد ہے مدح پیمبرؐ کا

پڑھوں وہ مے پھر ایسا مطلع روشن کروں موزوں
کہ جسکے سامنے منہ زرد ہو خورشید خاور کا

مطلع
نہ کیوں دل شاد ہو میلاد ہے اوس فخر داور کا
جو میرا مالک و مختار ہے اللہ کے گھر کا

ربیع الاول اور وقت سحر تاریخ سترہویں
شرف جمعہ نے پایا خوب میلاد پیمبرؐ کا

ستارہ آمنہ کے بخت کا نجم سحر بنکر
چمک کر دے رہا ہے سب کو مژدہ فضل داور کا

اذاں کے وقت پیدائش میں یہ قدرت کا اشارہ ہے
انہیں سے ہوگا آوازہ بلند اللہ اکبر کا

زمیں پر کنگرے چودہ گرے ہیں طاق کسریٰ کے
حکومت چاردہ معصوم کی اب ہو گی عالم میں
چلی باد بہاری ان دنوں گلزار عالم میں
بہار اول عالم محمدؐ خود ہیں عالم میں
اسی نسبت سے جمعہ سید الایام کہلایا
زمانہ جلوہ گاہ ناز محبوب الٰہی ہے
سماں ہے تا فلک ہر جا سماں ہے شادمانی کا
ادھر دریائے ساوہ خشک و ادھر آتشکدہ ٹھنڈا
گرے ہیں خاک پر اصنام بھی کعبے کے طاقوں سے
بہار خلد آئی ہے کہ دنیا کا سماں دیکھے
برستا ہے خدا کا نور ہر سو کوہ فاراں پر
اسی کی شان میں ہے رحمۃ للعالمیں آیا
کہ جسکی جان کی قرآن میں کھائی قسم حق نے
بسر کی اک عبا میں عمر گل کی طرح خوش ہو کر
قبائے گل ہے بے پیوند اور پیوند ملا ہیں
انہیں تشبیہ دیں کس سے یہی دل کو الجھن ہے
انہیں کے دم قدم سے ہے قیام عالم امکاں
بلاشک حیدر کرار میں بھی یہ خصائل ہیں
مشبہ کو لازم ہے جدا ہونا مشبہ سے
یہ دونوں ایک نفس اور ایک نور رتبہ یکساں ہیں
میں بندہ ہوں محمدؐ کا لکھیں خود شوق سے حیدر
گھٹایا جس قدر حیدر نے خود کو کسر نفسی سے
کہا خیر البشر حیدر ہے جو منکر ہو وہ کافر

عدد طٰہٰ کے گن لو یہ لقب ہے اس مطہر کا
جو سرتابی کریگا خاک پر سر ہوگا خود سر کا
ربیع اس وجہ سے ہے نام اس ماہ منور کا
بہار ثانی دنیا سمجھئے نام حیدر کا
کہ دن ہے سید عالم کے میلاد مطہر کا
ہر اک شے جھومتی ہے ذکر کیا سرو و صنوبر کا
سر و ساماں نیا ہے جشن میلاد پیمبر کا
دل افسردہ ہے کفرستان میں خشک و تر کا
ہر اک سو بت پرستوں میں بپا ہے شور محشر کا
دماغ اب عرش پر کیونکر نہو عرض منور کا
کہ عالم دیکھے جلوہ جشن میلاد پیمبر کا
شفیع المذنبیں محبوب ایسا رب اکبر کا
بتائے تو کوئی رتبہ ہے ایسا کس پیمبر کا
مگر گل کا ہے کیا منہ جو کہیں ہونا برابر کا
یہ طرہ ہے کہ شب کو کام بھی دیتی ہے بستر کا
نہیں ملتا زمانے میں کوئی ہمتا پیمبر کا
عوض سے کب یہ ممکن ہے کہ وہ ہمسر ہو جوہر کا
مگر تشبیہ دینا عجز ہے طبع سخنور کا
یہاں نفس نفیس مصطفیٰ ہے نفس حیدر کا
جدا انکو وہی سمجھے گا جو دشمن ہو داور کا
مگر ہمکو یہ لازم ہے کہیں بھائی برابر کا
پیمبر نے بڑھایا اتنا ہی رتبہ برادر کا
مثال تن ہوں میں اور مرتبہ [illegible]

بیاں ہو کسطرح رفعت غدیر خم کے منبر کی
وہاں کعبے میں دوش مصطفےٰ پر پائے حیدر تھے
اوٹھائے تھے یہاں ہاتوں پر آقا اور اشارہ تھا
ادب قربان ہے من کنت مولا کی بلاغت پر
علیؑ کے ساتھ حق ہی اور پھر الحق یعلو ہے
جو حق سے پھر گئے بعد نبی خود اون سے منہ پھیرا
حدیث من عرف کے ساتھ لا یعرف کو بھی دیکھو
نبیؐ نے رب کو پہچانا جو اپنا نفس پہچانا
علیؑ کی وجہ سے امت نہ کیونکر حق کو پہچانے
علیؑ ہیں ساتھ حق کے حق علیؑ کے ساتھ پھرتا ہے
گدا بنکر امین وحی نے حیدر سے لی خاتم
پر اول خویش پھر درویش ہی مشہور عالم میں
نصیری - ناصبی چھپکر نہ یہ اشعار سنتے ہوں
علیؑ اعلیٰ ہیں دنیا بھر سے اور اونسے نبیؐ افضل
دل مضطر میں ہے جوش تولا بھی تبرا بھی
عبث کرار سے فرار کو ناداں ملاتے ہیں
کبھی ضدین اک جا جمع ہو سکتے نہیں دم بھر
مناقب مرتضیٰؑ کے سب محامد ہیں محمدؐ کے
علی کے ساتھ حق بھی احمد مرسل بھی قرآں بھی
سبے حضار محفل اب دعا کو ہات اوٹھا تا بیت
محمدؐ اور علیؑ کا نور بھی جس میں ہے شوکت بھی
امام عصر وہ ہے روح امت کی نثار اوس پر
جو وہ آمین کہدے ہر دعا مقبول ہو جائے

غلو اس میں نہیں یہ عرش ہی معراج حیدر کا
دو بالا ہو گیا تھا رتبہ واعظ سے منبر کا
علی اعلیٰ سے اعلیٰ ہے کہ ہی ہمنام داور کا
کہ میزان شرف کا تھا ہر اک پلہ برابر کا
عروج پایۂ حق فرض منصب ہی پیمبرؐ کا
خزاں میں بھی نہ الجھا کانٹوں میں دامن گل تر کا
پیمبرؐ کا یہ ہے ارشاد وہ نفس پیمبرؐ کا
علیؑ کی معرفت زینہ بنا عرفان داور کا
علیؑ نام خدا ہے باعث عرفاں پیمبرؐ کا
خدا معلوم حق تابع ہے یا متبوع حیدر کا
لقب گو اون کو بھی احمدؐ نے بخشا ہی برادر کا
نہو گا ہم شرف سائل - بکف خویش پیمبرؐ کا
جو سنتے ہوں تو سن لیں یہ عقیدہ بھی ثنا گر کا
بحمد اللہ میں مداح ہوں بہتر سے بہتر کا
رہے گا ساتھ اس ظلمات میں خضر و سکندر کا
احد کا واقعہ معلوم ہے اون کو نہ خیبر کا
بزرگی سے کیونکر ہو تقابل شیر داور کا
نبیؐ کا حکم محکم جو وہی ارشاد حیدر کا
خدا کا ہات بھی ہے اور بازو بھی پیمبرؐ کا
عجب کیا ہو گذر اس بزم میں روح نوردادر کا
وہ ہے ہمنام احمدؐ کا وہ ہے ہمشان حیدر کا
خلیفہ ہے خدا کا اور جان و دل پیمبرؐ کا
کبھی رد ہو نہیں سکتا سخن محبوب داور کا

وہ قائم ہے اوسی کے دم قدم سے یہ جہاں قائم
وہ باعث ہے قرار کشتیِ دنیا کے لنگر کا

اوسی کا فیض اب جاری ہے عالم میں خدا شاہد
کشادہ در رہے اس بارہ دری کے بارہویں در کا

اوسی کا واسطہ دیتا ہوں یا رب سن دعا میری
روا ہو مطلب دل ہر سخن فہم و سخنور کا

جو بانی محفل اقدس کے ہیں اے عمر خضر ان کو
زیارت سے مشرف کر انہیں صدقہ پیمبر کا

یہ ناصر حق کے ہیں ناصر حسینؑ انکے رہیں ہر دم
سدا سایہ رہے سر پر ابو الفضل دلاور کا

نصیر ان کے جو لخت دل ہیں نصرت اونکی بھی فرما
نہ چھوٹے اون کے ہاتھوں سے کبھی دامن علم انور کا

مثال جد و اب علم و عمل میں وہ بھی اکمل ہوں
زمانے میں رہے تا حشر جاری فیض اس گھر کا

عیال و آل و اطفال اور بھائی ناصر دیں کے
رہیں زندہ سلامت واسطہ اکبرؑ و اصغرؑ کا

کھلے راہ عراق اور شیعہ کالج اور چشم دل
عطا کر دین و دنیا ساتھ صدقہ علم حیدرؑ کا

تصدق میں سبھوں کے میری بھی حاجت روا فرما
نہ چھوٹے میرے ہاتوں سے کبھی دامن آل اطہر کا

یہ حرب و ضرب یہ موقوف صلح و امن ہو جائے
ظہور اب ہو جہاں میں قائمؑ آل پیمبرؐ کا

غزل نعتیہ

تو بھی یکتا ہوا معبود بھی یکتا تیرا
ضرب توحید سے جاری ہوا سکہ تیرا

عاصیوں کو دم بخشش ہے سہارا تیرا
شافع حشر لقب ہے مرے مولا تیرا

ہجر حق کو نہ تھا اک آن گوارا تیرا
رکھ لیا عرش پر اس واسطے سایا تیرا

بے ترے دیکھے دل زار ہے شیدا تیرا
ہے اویس قرنی چاہنے والا تیرا

دل میں تصویر تری آنکھوں میں نقشا تیرا
مجھکو ہر سمت نظر آتا ہے جلوا تیرا

زعفران مشک حنا عنبر اشہب گل تر
روح ان سب کی ہے یا شاہ پسینا تیرا

تیری انگشت کے ایما سے دو پارہ ہوا چاند
چرخ گر پڑتا جو پڑ جاتا طمانچہ تیرا

تیرا دندان مبارک کیا اعدا نے شہید
بددعا اونکو نہ کی حوصلہ یہ تھا تیرا

ہند کے حکم سے حمزہؑ کا جگر چاک ہوا
اُف نہ کی منہ سے یہ دل تھا یہ کلیجا تیرا

رنج پر رنج سہے شعب ابی طالب میں
اہل مکہ نے نہ کچھ مرتبہ جانا تیرا

خوب امت نے کیا تیری وصیت پہ عمل
قتل پیاسا کیا دریا پہ نواسا تیرا

قلب لبشاش ہوا پاس جو تیرے پہونچا
زعفراں کا کوئی تختہ ہے کہ جلسا تیرا

پھر نہ ہوتی اونھیں دیدار خدا کی خواہش
دیکھتے حضرت موسیٰ رخ زیبا تیرا

دوش پر بت شکنی کے لیے حیدر کو لیا
خانۂ حق میں ہوا اوج دو بالا تیرا

قطعہ

شب معراج کا قصہ بھی ہے دلکش بخدا
برق چمکی کہ براق اوج سے اوترا تیرا

تو چلا جانب افلاک بریں ہو کے سوار
چاند تھا ماند یہ پھیلا تھا اوجالا تیرا

انبیا داہنی طرف بائیں طرف سارے ملک
پشت پر رحمت حق آگے ارادا تیرا

واہ کس شان سے تو عرش علا تک پہونچا
دل کا جو حال تھا دل جانتا ہوگا تیرا

کچھ خوشی کچھ ادب و خوف تو کچھ شرم و حجاب
مضطرب تجھ سے زیادہ دل شیدا تیرا

آئی آواز کہ نعلین پہن کر آنا
عرش کا تاج ہے ہر نعل کف پا تیرا

امر کو فوق ادب پر ہے مثل ہے مشہور
تو نے تعمیل کی یہ کام تھا مولا تیرا

ایسی معراج کسی کو ہوئی خواب میں بھی
واہ کیا رات میں جاگا ہے نصیبا تیرا

تو وہ موسیٰ ہے کہ ہارون ہے جس کا حیدر
عرش معبود بنا طور تجلا تیرا

کس کو معلوم ہے کیا تو نے کہا کیا حق نے
تو تھا بالنفس نفیس اور خدا تھا تیرا

ایسی خلوت کہ فقط پردۂ وحدت حائل
تو ادھر اور ادھر چاہنے والا تیرا

رہنما تیری محبت ہے سفر ہو کہ حضر
قہر کیا دل میں ہے ثابت کے دھالا تیرا

سلام و قصیدہ

سب سے اول پنجتن باعز و شاں پیدا ہوئے
گلشن عالم سے پہلے باغباں پیدا ہوئے

خانۂ حق میں امام انس و جاں پیدا ہوئے
بے نشاں کی رہنمائی کے نشاں پیدا ہوئے

اس مہینے میں وہ شاہ انس و جاں پیدا ہوئے
جن کی خاطر سے زمین و آسماں پیدا ہوئے

ظلم و کفر و جہل کی چھائی تھی بدلی ہر طرف
نور پھیلا جب یہ خورشید جہاں پیدا ہوئے

چوٹیوں پر کوہ فاراں کی ہے ہو باف زری
نور کا ایما ہے نور حق یہاں پیدا ہوئے

بجھ گیا آتشکدہ فارس کا دوزخ کی طرح
رحمت یزداں شفیع عاصیاں پیدا ہوئے

قصر کسریٰ کے کلیسوں گر جاتے چودہ کنگرے
چار دہ معصوم کے روح رواں پیدا ہوئے

لفظ طٰہٰ کو بھی دیکھو غور سے گن لو عدد — چار۱۴دہ کہ اس سے بھی اعداد ہاں پیدا ہوئے
تیس۳۰ سال اس مہر انور نے جو دورہ کر لیا — ماہ کی صورت علیؑ حق نشاں پیدا ہوئے
بعد پیغمبرؐ علیؑ نے کی خلافت تیس۳۰ سال — آل ہاشم میں یہی صاحب قرآں پیدا ہوئے
ایک ہی تھا نور جس کے حق نے دو حصے کئے — اس نظر سے مہر اور مہ تو اماں پیدا ہوئے
تھے محمدؐ اور علیؑ سر خفی اور راز جلی — ایک باہر اک حرم کے درمیاں پیدا ہوئے
جانے حیرت کیوں نہ ہو معراج ختم المرسلینؐ — لامکاں پر آپ کی خاطر مکاں پیدا ہوئے
جبکہ یاں حیدرؑ صفا میں حق ناطق ہوا — لیلۃ الاسرا میں اسرار نہاں پیدا ہوئے
ہر جگہ یہ نور کے ٹکڑے تھے دونوں ساتھ ساتھ — کیا بیاں ہوں دل میں جو جو ہیں گماں پیدا ہوئے
غیر بھی قائل ہیں آواز علیؑ آتی تھی صاف — معنیٔ حق برزباں جاری یہاں پیدا ہوئے
پنجتن کے بعد مالک ہیں جہاں کے نو۹ امام — اس شہادت کے لئے نو آسماں پیدا ہوئے
اژدہے کو چیر کر جھولے میں دو۲ ٹکڑے کیا — ابتدا سے شیر حق شیر ژیاں پیدا ہوئے
ماتم شبیرؑ نے مرقد میں دکھلائی بہار — دل کے داغوں کی بدولت بوستاں پیدا ہوئے
کانٹے پڑنے سے فصاحت اور شہ کی بڑھ گئی — ہو کے صیقل جوہر تیغ زباں پیدا ہوئے
اللہ اللہ اوج شان مادر زین العبا — اس زمین پاک سے نو آسماں پیدا ہوئے
کاظمینؑ و کربلا و یثرب و طوس و نجف — بارگاہ قدس کے یہ آستاں پیدا ہوئے
ماہ زہراؑ کی مصیبت میں ہزاروں دل ہیں چاک — اس قمر کے واسطے کتنے کتاں پیدا ہوئے
بائے بسم اللہ کا نقطہ تھا یا باب علوم — بے کے دو۲ تھے اس سے گیارہ نکتہ داں پیدا ہوئے
یاد آتے تھے جو اصغرؑ رو کے کہتی تھیں بانوؑ — تم کہاں پنہاں ہوئے بیٹا کہاں پیدا ہوئے
لوح دل پر لکھ لے اے ثابت یہ ارشاد انیسؔ — خاک ہونگے گو یہ مشت استخواں پیدا ہوئے

سلام

اے سلامی جب غم سرورؑ میں گریاں ہوگئیں — اشک موتی اور آنکھیں ابر نیساں ہوگئیں
حسرتیں جب یاس سے دست و گریباں ہوگئیں — مشکلیں جتنی پڑی تھیں سب وہ آساں ہوگئیں
بیٹیاں زہراؑ کی جب محبوس زنداں ہوگئیں — پنجتنؑ کی روحیں آ کر نگہباں ہوگئیں

عدل کا نوشیرواں کی آل کو یہ پھل ملا
بنت کسریٰ سید سجادؑ کی ماں ہوگئیں

شور نشیں داغ غم شبیرؑ کی لائیں یہ رنگ
قبر میں جاتے ہی سب شمع شبستاں ہوگئیں

دل ہیں اونکے جنکے دل میں ہے جگہ محبوب کی
ہیں وہی جانیں جو نذر عشق جاناں ہوگئیں

جب پریشانی میں لکھے جامع قرآں کے وصف
نظمیں اپنی ہمسر نثر پریشاں ہوگئیں

ماتم شبیرؑ میں بادل بنے چشم پرآب
بجلیاں قلب فلک کو آہ سوزاں ہوگئیں

ایک عالم پر رہا ویرانۂ قلب حزیں
بستیاں کتنی بسیں اور کتنی ویراں ہوگئیں

تیسرے فاقے تھے جب مہماں ہوا شبیرؑ کا
نیکیاں سارے جہاں کی حرؑ کی مہماں ہوگئیں

جنکی خاک پا تھی عطر گل عرق عطر گلاب
کیوں فلک وہ صورتیں مٹی میں پنہاں ہوگئیں

صورتیں آنکھوں میں پھرتی ہیں وہ نقشے یاد ہیں
کیسی کیسی صحبتیں خواب پریشاں ہوگئیں

برق آہ گرم جب کوندی غم شبیرؑ میں
جلکے خاکستر ہزاروں کشت عصیاں ہوگئیں

آسیہؑ حواؑ۔ خدیجہؑ۔ آمنہؑ۔ سارا بتولؑ
صبر زینبؑ دیکھکر حیراں پریشاں ہوگئیں

جس گھڑی حملہ کیا شیر خدا کے شیر نے
بزدلوں کی ٹولیاں کوسوں گریزاں ہوگئیں

سب امیدیں دل سے نکلیں یاس جب دم چھا گئی
شیشہ خالی رہ گیا کافور پریاں ہوگئیں

باغ تازہ جب مضامیں کا کھلا اس نظم میں
پھول لفظیں نگینیں بیتیں خیاباں ہوگئیں

جب پسینہ پائے عابدؑ پر بہا ثابت ہوا
چشم گریاں دونوں زنجیروں کی کڑیاں ہوگئیں

جسطرف نکلے نبیؐ خوشبو سے کوچہ بسگیا
ساری گلیاں شہر کی پھولونکی کلیاں ہوگئیں

مصحف ناطق کے سہ پارے ہوئے جسدم شہید
صورتیں سب پارہ پارہ ہو کے قرآں ہوگئیں

ہر خوشی کا باغ عالم میں تباہی ہی مآل
کھل کھلا کر جب ہنسیں کلیاں پریشاں ہوگئیں

صبر شہ کہتا تھا میں تجھ پر فدا اے چارہ ساز
درد دل کی لذتیں بڑھ بڑھ کے درماں ہوگئیں

جب بندھے چوب سناں سے ہائے گیسوئے حسینؑ
دل حرم کے زلفیں زہراؑ کی پریشاں ہوگئیں

کیوں فلک شبیرؑ کو جان محمدؐ جان کر
کلمہ گویوں ہی کی فوجیں دشمن جاں ہوگئیں

حسن اکبرؑ جسنے دیکھا محو حیرت رہ گیا
آئینہ تو آئینہ آنکھیں بھی حیراں ہوگئیں

ہائے پہنچا خاک تک کب جسم ابن بوترابؑ
پار جسدم سینے سے تیر دل کی سیراں ہوگئیں

خانۂ زنداں میں جب داخل ہوئی آل نبیؐ
نور کی شمعیں اندھیرے میں درخشاں ہو گئیں

قتل، غارت، قید، غربت، زہر، ضربت، بھوک، پیاس
سب بلائیں پنجتنؑ کے گھر میں مہماں ہو گئیں

دوستوں کی موت تو موت اب نہیں صورت بھی یاد
سیکڑوں تصویریں زیب طاق نسیاں ہو گئیں

دل سے مولا نے رہ خالق میں دی جان عزیز
آرزوئیں ہمت و جرأت پہ قرباں ہو گئیں

دوستوں پر اُنکے وا کیونکر نہ ہو گا باب خلد
الفتیں جنکی کلید باب عرفاں ہو گئیں

ماں سے کہتی تھی سکینہؑ بابا جان ابتک نہ آئے
سب زمانے کی جفائیں ہم پہ اماں ہو گئیں

قطعہ

حرملہ کا تیر جس دم حلق اصغرؑ پر لگا
مٹھیاں جو بند تھیں کھلکر وہ لرزاں ہو گئیں

شہ نے آہ سرد کھینچی اور ناوک کی سری
دل امنڈ آیا تو آنکھیں آپ گریاں ہو گئیں

چوم کر حلقوم فرمایا خدا کا شکر ہے
آج ساری حسرتیں پوری مری جاں ہو گئیں

دیکھ ثابت یہ علیؑ کے اسم عالی کا اثر
مشکلیں پڑنے نہ پائی تھیں کہ آساں ہو گئیں

سلام

سلامی جو مداح خیر البشر ہے
جناں کیا دل آل میں اوس کا گھر ہے

مسافر کمر باندھ وقت سحر ہے
سفر دور کا اور تو بے خبر ہے

عجب منزل قبر بھی پر خطر ہے
نہ دیکھا ہے رستہ نہ زاد سفر ہے

سلامی کا بخت رسا اوج پر ہے
کہ سر او رشاہ ولایت کا در ہے

جگاتی تھیں اکبرؑ کو یہ کہکے بانوؑ
اذاں دو مری جان وقت سحر ہے

گزرنا ہے جس راہ سے ہمکو اک دن
وہ اس منزل قبر کی رہ گزر ہے

جسے کہتے ہیں طفل اشک اہل عالم
جو اس غم میں نکلے تو نور نظر ہے

قطعہ (ولادت جناب امیرؑ)

علیؑ کی ولادت ہی گھر میں خدا کے
خدائے نصیری نرالا بشر ہے

عجب وقت ہے اور عجب نیک ساعت
صدف جیسی ویسا ہی اعلیٰ گہر ہے

جدار حرم شق ہوئی بہر حیدرؑ
کہ یہ شہر علم نبوتؐ کا در ہے

گرا نعل کعبے میں گویا علیؑ کا
خلیل خدا کا یہ نور نظر ہے

پڑھا سب صحیفوں کو وقت ولادت
یہ شان علیؑ ولی مختصر ہے

کہوں لوح محفوظ صدر ولی کو
کہ جس میں کلام خدا سربسر ہے

در و بام کعبہ سلامی کو خم ہیں
عنایات حق ان پہ بھی کس قدر ہے

یہ ہیں گوہر شب چراغ ہدایت
انہیں سے منور خدا کا بھی گھر ہے

یہ کہتی ہیں بنت اسد دل ہی دل میں
کہوں اسکو حیدر کہ یہ شیر نر ہے

صدا ہاتف غیب کی آرہی ہے
علیؑ نام رکھنا یہ عالی گہر ہے

گہر جوہری نے لئے اشک ہمنے
پسند اپنی ہے اور اپنی نظر ہے

خودی سے زخود رفتہ ہیں ایسے خودسر
خدا کیا کہ اپنی نہیں کچھ خبر ہے

قطعہ حرؑ

پکارا ابن سعد جس دم چلا حرؑ
کہاں اے بہادر ارادہ کدھر ہے

غنیمت سمجھ نوکری افسری کی
حکومت ہے راحت ہے عزت ہے زر ہے

کہا حرؑ نے جاتا ہوں میں اوسکی جانب
محمدؐ کا جو دل علیؑ کا جگر ہے

یہ دن پھر نہ آئیگا پھر کر جہاں میں
قیامت کی ہر تنگ یہ دوپہر ہے

وہ کعبہ ہے دل جس میں جائے علیؑ ہو
اگر حب حیدر نہیں تو کھنڈر ہے

پہونچ جاتے ہیں سیدھے بندے خدا تک
صراط علیؑ مستقیم اس قدر ہے

پہونچ جاؤنگا میں بھی جنت کے در تک
کہ سبط پیمبرؐ مرا راہبر ہے

کہاں سو رہا ہے تو بیہوش غافل
ارے مست ہشیار ہو رہ گزر ہے

جو عزت گئی پھر نہیں ہات آتی
نہ کھو آبرو یہ تو آب گہر ہے

میں بندہ ہوں اونکا وہ آقا ہیں میرے
بغیر اونکے جنت بھی مجھکو سقر ہے

یہ دنیا کی جنت تو ہے بہر کافر
جو فردوس عقبےٰ ہے وہ ان کا در ہے

ریا کار دیگا تجھے رے کا صوبہ
یقیں تجھکو ہے عقل تیری کدھر ہے

خدائی ادھر کی ادھر ہو تو کیا غم
خدا جس طرف ہے یہ بندہ ادھر ہے

حرم رو کے کہتے تھے زندان غم میں
الٰہی یہ ہے گور اپنی کہ گھر ہے

قطعہ غدیر خم

پھرے ہیں حج آخری سے پیمبرؐ
غدیر خم اب منزل راہبر ہے

بنا ہے جو پالان اشتر سے منبر
کوئی سرّ حق اس میں پنہاں مگر ہے

محمدؐ ہیں ناقہ سوار انبیا میں — صحائف میں زیب رقم یہ خبر ہے
بلا فصل ہیں جانشیں اونکے حیدر — رعایت وہی حق کو مد نظر ہے
بلندی کجاووں کی یہ کہہ رہی ہے — یہ عالی مقام اور عالی گہر ہے
کجاوے نہ سمجھو فلک ہے فلک پر — یہ معراج داماد خیر البشر ہے
زہے رفعت و طاقت دست احمدؐ — سفیدی کی زیر بغل جلوہ گر ہے
علیؑ ہیں محمدؐ کے ہاتوں پہ دیکھو — عجب شان معبود جن و بشر ہے
سراج منیر خدا مصطفےٰ ہیں — تو لو اوسکی یہ نفس خیر البشر ہے
رسالتؐ کے آغوش میں ہی ولایت — امامت کا دوش اور نبوت کا سر ہے
دو حصے ہوا تھا جو کچھ روز پہلے — وہ نور خدا ایک جا جلوہ گر ہے
حقیقت میں ہیں ایک گو نام دو ہیں — وہ نور سحر ہے یہ نجم سحر ہے
زبانوں پہ الفاظ ہر دل پہ سکہ — یہی نظم کامل کا ظاہر اثر ہے

قطعہ

ملک کہتے تھے زور عاشور رن میں — کہ صابر تو اے نفس خیر البشر ہے
ہوئے تر لہو میں ترے لال کیا کیا — مگر رخ پہ سرخی سوا جلوہ گر ہے
کبھی دل سے برچھی کبھی تیر کھینچا — یہ تیرا ہے دل اور یہ تیرا جگر ہے
نہ تیوری پہ بل نہ آنکھ میلی — تو نور الٰہی کا نور نظر ہے
نہ مضموں نئے ہیں نہ لفظی رعایت — مگر تیرے کہنے میں ثابت اثر ہے

سلام

سلامی آل نبیؐ انقلاب دیکھتے ہیں — خود اپنی آنکھوں سے دور شراب دیکھتے ہیں
سلامی آئینہ میں آفتاب دیکھتے ہیں — ہم اپنے دل میں رخ بوترابؑ دیکھتے ہیں
خضاب میں جو بہار شباب دیکھتے ہیں — شباب دیکھتے ہیں یا وہ خواب دیکھتے ہیں
ہم انقلاب جہان خراب دیکھتے ہیں — اوداس دل میں پریشاں خواب دیکھتے ہیں
چھپینگے دامن رحمت میں جنکے حشر کے دن — غضب ہے اونکو لعیں بے نقاب دیکھتے ہیں
کریں تو قابض ارواح نزع میں سختی — وہ آگئے وہ جھجک بوترابؑ دیکھتے ہیں

ہجوم حشر میں بھی اوس نے رکھ لیا پردا
ہم اپنی آپ ہی فرد حساب دیکھتے ہیں

جو نیک ہیں وہ سمجھتے ہیں نیک وروں کو
خیال جیسا ہی ویسا ہی خواب دیکھتے ہیں

محال ہے اونہیں دیدار حق کی حسرت ہو
جو دل سے روئے رسالت مآب دیکھتے ہیں

اشارہ کرتا تھا رک رک کے شمر سے خنجر
ارے۔ جناب رسالت مآب دیکھتے ہیں

تمام عمر رہی جسکی آرزو دل میں
لحد میں ہم وہ رخ بوتراب دیکھتے ہیں

رفیق کہتے تھے افسوس اپنی آنکھوں سے
نبی کے بچوں کا ہم اضطراب دیکھتے ہیں

مزار میں ہوئی حاصل زیارت شبیر
شب وصال میں ہم آفتاب دیکھتے ہیں

زہے طینت عترت سے ہے سرشت تری
تجھے فشار نہ دے بوتراب دیکھتے ہیں

دعا کا وقت ہے گھوڑے پہ تنکے بیٹھے ہیں
حبیب شیب میں سیر شباب دیکھتے ہیں

ترا غضب بھی ہے رحمت کا رہ نمایارب
کہ شمع برق سے روئے سحاب دیکھتے ہیں

پھرے ہیں ہنسلیوں والے کو دفن کرکے حسین
نگاہ یاس سے روئے رباب دیکھتے ہیں

خدا نے دی ہے جنہیں طبع پاک و ذوق سلیم
وہ جاگتے ہوئے مضموں کا خواب دیکھتے ہیں

ہوا سے دہر میں کم ظرف پھول جاتے ہیں
وہ کھو رہے ہیں جو سیر حباب دیکھتے ہیں

لئے ہیں گود میں لیلے کے نامراد کا سیر
حسین نزع میں حسن شباب دیکھتے ہیں

رہے جہان میں انسان آن بان کیساتھ
کہ جوہری جو ہیں موتی کی آب دیکھتے ہیں

رخ علی پہ نظر اے نکیر و منکر ہے
ابھی نہ بات کرو ہم کتاب دیکھتے ہیں

قطعہ

حدیث میں ہے کہ چالیس آفتاب ہیں اور
جو اون میں بستے ہیں وہ شیخ و شاب دیکھتے ہیں

وہ اس حدیث کی تصدیق دل سے کرتے ہیں
جو روضۂ خلف بوتراب دیکھتے ہیں

یقین ہوتا ہے چالیس آفتابوں کا
چہل چراغ کی جب آب و تاب دیکھتے ہیں

خدا دراز کرے عمر عیب بینوں کی
ہم اون کی وجہ سے راہ صواب دیکھتے ہیں

خدا نے چاہا تو کوٹے سے چلکے ہم ثابت
وہ بارہ بارگہ بوتراب دیکھتے ہیں

سلام

جہاں سے نہ ہم فکر ناں لے گئے
فقط یاد روزی رساں لے گئے

جو رستے میں زائر کی موت آگئی ... نجف میں ملک استخواں لے گئے

قطعہ نمبر ۱

ملے تربت کو کیا خوب خضر نصیب ... کہاں تھا کہاں سے کہاں لے گئے
یہ ذرہ نوازی یہ مہماں کی قدر ... خود آکر امام زماں لے گئے
نہ ارمان کی حد نہ عصیاں کی ... یہ ہم سر پہ بار گراں لے گئے
سبب خدا کا تھا سایہ سعید ... ہمائے سعادت نشاں لے گئے

قطعہ دوم

کیا کون محروم اس بزم سے ... ثواب بکار تبہ داں لے گئے
سخن چیں بھی مضموں کے گل چیں ہوئے ... زباں کا مزہ ہم زباں لے گئے
جو دیکھا کہ برعکس ہیں اہل بزم ... ہم اپنا دل آئینہ ساں لے گئے
نہیں جذب الفت کا گیتی پہ نام ... زمیں کی کشش آسماں لے گئے

قطعہ سوم

وہ کیا ہو گیا مال اے منعمو ... نہ چھوڑا نہ ہمرہ وہاں لے گئے
شکستہ سی اک قبر میں ہو مقیم ... درندے بہت ہڈیاں لے گئے
نہ وہ عز و شاں ہے نہ وہ تاج و تخت ... نہ ہمراہ طبل و نشاں لے گئے
عمارات سنگیں جو بنوائی تھیں ... نہ کیوں قبر میں وہ مکاں لے گئے
بنیں مسجدیں چار کوفے میں آہ ... لعیں جب سر شہ وہاں لے گئے
کس اعزاز سے طبقۂ کربلا ... ملک درمیان جناں لے گئے

قطعہ چہارم

پئے اہل حاجت ہے باب علوم ... کہ جس در سے اوج آسماں لے گئے
صغیروں نے لی تاب نشو و نما ... خرد پیر طاقت جواں لے گئے
ملے خوان نعمت سے تاروں کو نقل ... مہ و مہر بھی قرص ناں لے گئے
نہ سائل کو محروم جانے سنا ... عیاں بعض۔ بعضے نہاں لے گئے
حقیقت میں تھے عقل کل جبرئیل ... کہ انگشت ضو فشاں لے گئے
غم شہ میں سینہ جو تھا داغ داغ ... لحد میں یہ ہم شمعداں لے گئے
رہ شام میں اشتران حرم ... بہت تیز اندازساں لے گئے
شہادت کا شربت تھا کتنا لذیذ ... کہ جسکا مزہ بے زباں لے گئے

قطعہ پنجم

شہیدوں کے لاشوں پہ کہتے تھے شاہ ۔ یہ گلزرو بہار جہاں لے گئے
جسے کہتے ہیں دل سراپا ہے درد ۔ سب آرام آرام جاں لے گئے
وفادار ایسے نہوں گے کہیں ۔ زمانے کی سب خوبیاں لے گئے
یہ داد دوستی خوب ہم سے کیا ۔ کہ غم دیکے دل کی تواں لے گئے
خلش خار کی ہمکو تھی ناگوار ۔ چمن سے الگ آشیاں لے گئے
زہے شان قدر بُراق رسول ۔ جسے ہاتوں ہات آسماں لے گئے

قطعہ ششم

بس اب تو ہے اور میں فقط اے لحد ۔ نکیرین بھی امتحاں لے گئے
فشار لحد سے یہ پہنچا لتعب ۔ کہ تشریف خواب گراں لے گئے
یہ غربت ہے تربت پہ کوئی نہیں ۔ جو آئے تھے لب پر فغاں لے گئے
پڑا ہمکو شہر خموشاں سے کام ۔ سب اپنی چہ می گوئیاں لے گئے
نہ سنبھلیں جو سجادؑ سے ضعف میں ۔ خضر ہاتوں میں بیڑیاں لے گئے

قطعہ ہفتم

در خیمہ پر کھڑی تھیں رباب ۔ مرے دل کو مولا کہاں لے گئے
صدائے بتولؑ آئی اے دل فگار ۔ جہاں کی تھی مٹی وہاں لے گئے
عجب نظم دلسوز ثابت کی ہے ۔ جسے مانگ کر سوزخواں لے گئے

سلام

وہ ہر صورت سے ہر رنگت میں تاباں ہی نہاں ہو کر ۔ نظر میں نور دل میں آرزو تن میں تواں ہو کر
حسینؑ ابن علیؑ نے جان دی جان جہاں ہو کر ۔ خدا نے بخش دی ساری خدائی مہرباں ہو کر
سقر سے خلد میں آیا حرم کا میہماں ہو کر ۔ زہے قسمت کہاں سے حر کہاں پہونچا کہاں ہو کر
زہے توقیر سبطین پیمبرؐ عید کو رضواں ۔ بنا خیاط و خادم خازن باغ جناں ہو کر
محمدؐ کی سخاوت ہے بیان کربلا سنئے ۔ رہ حق میں لٹایا اپنا گلشن باغباں ہو کر
لڑائی میں حبیبؓ ابن مظاہر تنکے کہتے تھے ۔ خدا کے فضل سے جنت میں جاتا ہوں جواں ہو کر
شرف میں ارض کعبہ سے ہی بیشک کربلا اعلےٰ ۔ یہ طبقہ جائیگا خلد بریں میں آسماں ہو کر
نہ کیونکر نادر اکبرؑ کے دل پر صبر نازاں ہو ۔ کہ تلواروں میں بھیجا احمد ثانی کو ماں ہو کر

علیؑ نام خدا نام خدا و نفس احمدؐ ہے
رہے پھر کیوں نہ جزو کلمہ و رکن اذاں ہو کر

کہاں عابدؑ سا کوئی بردبار و صاحب ہمت
اوٹھایا بار غم بار امامت ناتواں ہو کر

ہماری جان اور ماں باپ صدقے آل احمدؐ پر
بچا لیں گے ہمیں دوزخ سے خود حق کی اماں ہو کر

جزاک اللہ مقراض اجل کیا خوب کاٹے ہیں
مرے تار نفس الجھے پڑے تھے گتھیاں ہو کر

علیؑ اصغر نے بھی مثل پدر اتمام کی حجت
زباں خشک عدا کو دکھائی بے زباں ہو کر

ہوئے وہ کربلا میں ظلم گردوں صاف اڑ جاتا
مگر ٹھہرا ہے مظلوموں کی آہوں کا دھواں ہو کر

علیؑ و مصطفےٰؐ تھے ایک نور حق کے دو ٹکڑے
رہے دنیا میں بھی دونوں دو قالب یک جاں ہو کر

نبیؐ کی آل سے امت نے جیسی بیوفائی کی
نہ کافر بھی تو ایسے ظلم کرتے حکمراں ہو کر

علیؑ اصغر کی صورت دیکھکر ماں دل میں کہتی تھی
علیؑ کا زور دکھلائیگا یہ بچہ جواں ہو کر

وہی شدت ہے اپنے سوز غم کی عیسیؑ کو ماہیں
نفس بھی صبحدم منہ سے نکلتا ہے دھواں ہو کر

علیؑ کی خدمت عالی میں جبرئیل امیں آئے
گدا۔ شاگرد۔ خادم۔ منقبت خواں پاسباں ہو کر

قطعہ

در جنت پہ مشتاق زیارت حور و غلماں ہیں
حرؑ آتا ہے قتیل خنجر و تیغ و سناں ہو کر

عجب کیا جو مدارات اسکی اوروں سے زیادہ ہو
کہ آتا ہے یہ مہماں خدا کا میہماں ہو کر

شتر اسوار بھی توریت میں نام محمدؐ ہے
لقب یہ شام میں عابدؑ نے پایا ساربان ہو کر

ضیائے نظم ثابت سے ستارا چمکا اردو کا
زمین شعر نے معراج پائی آسماں ہو کر

سلام

ستم سہتے ہیں خاصان خدا جب شادماں ہو کر
تو بڑھ جاتا ہے رتبہ عاشقوں کا امتحاں ہو کر

سبب میں ندا دیتی ہیں دو قبریں یتیموں کی
کہ سوئے کربلا سے زائرو جاؤ یہاں ہو کر

ہمارے صاحبو ان کا حادثہ بھی اک قیامت ہے
پھنسے آفت میں دونوں یوسفؑ بے کارواں ہو کر

بچھڑ کر لشکر شبیرؑ سے کوفہ میں جا نکلے
گئے پیش حبیب اللہ اسیر ریسماں ہو کر

سزائے قید اس ظالم نے دی ان بیگناہوں کو
رہے اک سال تک زنداں میں بے نام و نشاں ہو کر

فقط دو نان جو اک ساغر آب ان کو ملتا تھا
تو بس رہ گئے تھے جسم مشت استخواں ہو کر

نمازیں رات بھر پڑھتے تھے روزے دنکو رکھتے تھے
خدا کی یاد میں رہتے تھے ہر دم شادماں ہو کر

سنایا ایکدن داروغۂ محبس کو حال اپنا
کہا افسوس بچو مرتضےٰؑ کے تم نواسے ہو
در زنداں کھلا ہے جس طرف چاہو نکل جاؤ
نصیحت میری سن لو شب میں چلنا دن میں چھپ رہنا
ہوئی مشکور اس کی سعی تھا مشکور نام اسکا
خدا کا نام لیکر خانۂ زنجیر سے نکلے
زن حارث در خانہ پہ بیٹھی تھی مگر ششدر
وہ بولی کون ہو تم کسطرف سے اس جگہ آئے
مہکتے ہیں در و دیوار تک تم میں وہ خوشبو ہے
اکڑ کہ سر کھینچی اور چھوٹے نے کہا اماں
پدر مسلمؑ ہیں اور شاہ نجف ہیں نانا جان اپنے
ہمارے سر سے سایا اٹھ گیا سبط پیمبرؐ کا
اندھیری رات میں پھرتے ہیں در در ٹھوکریں کھاتے
یہ سنتا تھا کہ لیں اس نے بلائیں بڑھ کے بچوں کی
نفیس آب و طعام انکو کھلا کر لائی حجرے میں
ٹپک کر اسلحہ جب زہر مار اسنے کیا کھانا
قریب نصف شب وہ فتنۂ خفتہ ادھر جو نکلا
یتیموں کے تنفس کی سنی آواز سرکش نے
جگا کر خواب سے بے درد نے نام و نسب پوچھا
کہا چھوٹے سے ابراہیمؑ ہیں ہوں یہ محمدؑ ہیں
پدر مسلمؑ وکیل و نائب سبط پیمبرؐ تھے
یہ کلمہ سنکے حارث نے طمانچے اسقدر مارے
زن حارث بچانے کے لیئے دوڑی ہوئی آئی

وقایع ان کے سب سنتا رہا وہ مہرباں ہوکر
رہا میں آجتک غافل تمہارا پاسباں ہوکر
بلا سے مجھکو حاکم قتل کر دے بدگماں ہوکر
خدا وہ دن دکھائے ماں کو دیکھو شادماں ہوکر
رہے شکریہ میں تا دیر بچے تر زباں ہوکر
درم اور ضعف قدموں پر گرے دوڑیریاں ہوکر
قریب اسکے جو پہنچے دل ملول و خستہ تن ہوکر
کہاں کا قصد ہے جاؤ گے اے بچو کہاں ہوکر
مگر ہاں زرد چہرے رہ گئے ہیں زعفراں ہوکر
بتائیں کیا نسب اور نام بے نام و نشاں ہوکر
تفاخر کرتے ہیں قدسی کبھی جنکے پاسباں ہوکر
ذلیل و خوار کونے میں ہیں عالی خانداں ہوکر
یتیم و بے نوا و بیکس و بے خانماں ہوکر
گری قدموں پہ لائی گھر میں اپنے شادماں ہوکر
یہ سوئے تھے کہ آیا گھر میں حارث سرگراں ہوکر
بہت باتیں بنا کر سو گیا کچھ بدگماں ہوکر
غریبوں کو ادھر موت آ گئی خواب گراں ہوکر
لپک کر آیا حجرے میں بلائے ناگہاں ہوکر
لرز کر رہ گئے بیچارے بچے نیم جاں ہوکر
تمہارے گھر میں چھپنے آئے ہیں بے خانماں ہوکر
گئے جنت کو جو مقتول شمشیر و سناں ہوکر
کہ بیحس ہو گئے رخسار نازک خوں چکاں ہوکر
کہا ہے یہ مہمانوں پہ غصہ میزباں ہوکر

ستمگر چیخ کر بولا کہ جیکی رہ سرک پیچھے
تجسس میں نہیں کیے میں پھرا ہو جا بجا دن بھر
مرا گھوڑا بھی آخر مر گیا ان کے تعاقب میں
سر ان کے نذر دیکر لونگا اب انعام حاکم سے
وہ بولی ہوش میں آ سدم نہیں کچھ پی کے آیا ہے
یہ بیدردی یہ غصہ یہ تعدی یہ ستم ہے ہے
وہ گیسو جن میں کنگھی خواہر شبیر کرتی تھی
یہ سننا تھا کہ تیغ اسکو لگا دی بڑھ کے ظالم نے
بلکتی تھی تڑپتی تھی ادھر وہ مومنہ ہے ہے
یتیموں کا بچانے والا اب تھا کون اس گھر میں
وہ ننھے ننھے بازو کس کے باندھے اس ستمگر نے
قریب صبح کاذب نہر پر لایا انہیں کاذب
شقی کے پاس رہتے باہم تھے عبد و پسر اسکے
وہ دونوں پھینک کر تلوار کو دے پار جا نکلے
وہ بولے قتل انکا کسطرح ہمکو گوارا ہو
تری فرمانبری میں معصیت ہے حق تعالے کی
حمیت بھی عرب کی پاس بھی عترت کا لازم ہے
یہ سنکر خود نکالی میاں سے تلوار سرکش نے
کبھی کہتے تھے ہمکو بیچ لے بازار میں چلکر
کبھی کہتے تھے زندہ ہمکو لیچل پاس حاکم کے
تو کہتا ہے کہ درہم دو ہزار انعام پاؤں گا
تجھے تو مال و زر ہاتھ آئے اپنی جان بچ جائے
ہمارے بچپنے پر رحم کر اور خستہ حالی پر

کہیں آفت میں پڑ جائے نہ تو بھی درمیاں ہو کر
خدا جانے نکلجاتے تھے یہ کس جا کہاں ہو کر
ہوا ہلکان میں بھی گھر پر آیا نیم جاں ہو کر
حقیقت میں ہمیشہ نفع ہوتا ہے زیاں ہو کر
ارے ظالم نہ وارفتہ ہوا اتنا سرگراں ہو کر
ضرر ہے نفع جو حاصل ہو ایماں کا زیاں ہو کر
قیامت ہے انہیں تو کھینچے یوں نا مہرباں ہو کر
شرابور اپنے خوں میں ہو گئی وہ نیم جاں ہو کر
ادھر غفلت سے تکتا تھا لعیں کف در دہاں ہو کر
گرے آخر زمیں پر دونوں بے تاب و تواں ہو کر
رکھا استادہ انکو آپ بیٹھا پاسباں ہو کر
دل آب و دال سے بھی اٹھا شعلہ دھواں ہو کر
دیا دونوں کو حکم قتل آخر تہ یاں ہو کر
کہا حارث نے کی مجھ سے تمنا آرام جاں ہو کر
ہمارے گھر جو آئیں طالب امن و اماں ہو کر
کریں صد پارہ ہم قرآں کو قرآں خواں ہو کر
نہ دنیا میں جئے انساں ننگ خانداں ہو کر
لرز کر منتیں کرنے لگے وہ نیم جاں ہو کر
کسی دل پر نہیں رہنے کے ہم بار گراں ہو کر
ہمارے خون سے درگذرے شاید مہرباں ہو کر
اسی قیمت میں گاہک لینگے ہمکو شادماں ہو کر
وگرنہ دیکھ پچھتائیگا رسوائے جہاں ہو کر
کہاں تک منتیں کرتے رہیں ہم ناتواں ہو کر

ہلاتا تھا سر انکا ہر اک بات پر منکر
خوشامد کے سخن سے سیف غصہ تیز ہوتی تھی
کہا بچوں نے پڑھنے دے نمازیں تو ہمیں ظالم
وہ بولا طعن سے پڑھ لو نمازیں خوب جی بھر کے
پڑھیں ۲ دو رکعتیں حاجت کی اور دو فریضہ کی
شقی بولا نمازیں ہو چکیں اب موت آئی ہے
لگائی تیغ اس انداز سے بیدرد قاتل نے
اُدھر تو ننھے ننھے سر وہ اُترے جسم لرزاں سے
بدن تھے چور چور افسوس جب جان حزیں نکلی
نہ ماں کے پاس پہنچے نہ ماموں کی زیارت کی
بہائے ننھے ننھے جسم بے سر آب جاری میں
رکھے سر توبڑے میں اور لیا دربار کا رستہ
اجازت لے کے پہنچا جسگھڑی دارالامارہ میں
کہا اقبال و مال وجاہ کی ہردم ترقی ہو
درم اب دو ہزار انعام میں دلوایئے مجھکو
عبید اللہ نے دیکھے جو ہیں سر ماہ پاروں کے
اٹھا کرسی سے مضطر ہو کے پھر بیٹھا پھر اٹھ بیٹھا
لئے خود ہاتھ میں سر غور سے دیکھا جمال انکا
جمی تھی گرد اوڑ کے جو گھونگھر والے بالوں
وہ بینی جو کبھی ہو گی گل احمر طراوت میں
ہوا دل خستہ جس نے دیکھے وہ ابروئے پیوستہ
پپوٹوں پر ورم آنکھیں کھلیں حسرت بھری نظریں
وہ پیڑائے ہوئے ہونٹ اور پتھرائی ہوئی آنکھیں

جواب تلخ بھی سنتے تھے وہ شیریں زباں ہو کر
مگر دل رہ گیا تھا سینے میں سنگ فساں ہو کر
کہ جاتے ہیں جہاں سے عازم باغ جناں ہو کر
اگر تمکو بچائے یہ عبادت حرز جاں ہو کر
کہے سب راز دل معبود سے تسبیح خواں ہو کر
اُٹھے معصوم قبلے کو جھکے شکل کماں ہو کر
لہو کی دھاریں اس پر لعین کو نکلی زباں ہو کر
ادھر ٹھنڈے ہوئے تن ریتی کے اوپر طپاں ہو کر
لباس زیست انکے تن سے اُترا دھجیاں ہو کر
سب ارماں دل کے دل میں رہ گئے سوز نہاں ہو کر
رہے پانی میں کبھی الفت سے لاشے تواماں ہو کر
چلا شیطان گلیوں میں خلائق سے نہاں ہو کر
وہ ننھے ننھے دونوں سر نکالے شادماں ہو کر
ہوا ہوں حاضر دربار اسدم کامراں ہو کر
کہ لایا ہوں بہت مشکل سے یہ سر خستہ جاں ہو کر
گرے دامن پہ اسکے اشک آنکھوں سے رواں ہو کر
ہوا وارفتہ ماتم میں عدوئے خانداں ہو کر
بہار حسن کمھلانے لگے غنچے خزاں ہو کر
غبار اوٹھتا تھا اس سے دمبدم عنبر فشاں ہو کر
نظر آتی تھی اسدم خشک چوب زعفراں ہو کر
دل ناظر پہ برسانے تھے تیر غم کماں ہو کر
مرقع بنگئی تھیں غم کا عبرت کا سماں ہو کر
زبان حال سے کہتی تھیں گویا یک زباں ہو کر

کسی کے شربت دیدار کے پیاسے تھے یہ بچے
ہوا ابنِ زیاد نحس کے دل پر عجب صدمہ
اگر زندہ انہیں لاتا تو دو ناجائزہ پاتا
دل امڈا آتا ہے سینے میں کچھ باتیں سنا کی
شقی بولا مرے گھر میں خود آئے تھے مقدر سے
وہ اپنے قتل سے رہ رہ کے مجھکو منع کرتی تھی
لگائی تیغ اسکو پھر انہیں میں نہر پر لایا
تجھے کیا ہاتھ آئیگا ہمارے خونِ ناحق سے
وہ بولے خیر ہمکو بیچ لے بازار میں چلکر
نسب اپنا نہ بتلائیں گے سکو جو ہمیں لے گا
کہا میں نے نہیں منظور مجھکو بیچنا ہرگز
تو بہتر ہے ہمیں زندہ ہی لے چل پاس حاکم کے
ہماری بیکسی پر۔ بچپنے پر۔ رحم واجب ہے
نہیں پیدا کیا ہے رحم میرے دل میں خالق نے
تمہارا قتل میرے واسطے وجہ تقرّب ہے
یہ سنکر ہوگئے بے آس اپنی زندگانی سے
کہا مرنے ہی کی ٹھہری تو دم بھر ٹھہر جا دم لے
نمازیں ہمکو پڑھنے دے کہا میں نے پڑھو اچھا
وہ گھبراہٹ وہ ننھے ننھے ہاتھوں سے وضو کرنا
وہ لرزہ جسم پر باریک وہ آواز بچوّں کی
گلے وہ چھوٹے چھوٹے سوکھے ان یتیموں کے
ہوا میں جاتی تھی آواز جیسے پھول کی خوشبو
قرارت سنکے ساکت رہ گئے تھے غرطِ حیرت سے

لبِ دریا گئے دنیا سے بھی تشنہ دہاں ہوکر
کہا حارث سے دلگیر و ملول و نوحہ خواں ہوکر
میں خوش ہوتا جو یہ آتے اسیر ریسماں ہوکر
ملے ہونگے کسی جنگل میں بے تاب و تواں ہوکر
مری زوجہ نے ٹھہرایا تھا انکو مہرباں ہوکر
لپٹ جاتی تھی دامن سے ہر اک دم درمیاں ہوکر
کہا دونوں نے آخر طالبِ امن و اماں ہوکر
کہا میں نے بہت انعام لونگا شادماں ہوکر
سبک نظروں میں تیری ہیں بکینگے ہم گراں ہوکر
رہینگے کچھ دنوں دنیا میں بے نام و نشاں ہوکر
بہت کچھ سوچکر بولے یہ دونوں یک زباں ہوکر
تعجب کیا۔ رہائی دے وہ ہم پر مہرباں ہوکر
کہا یوں طنز سے میں نے نہایت بدگماں ہوکر
رہائی پاؤگے اب داخلِ باغِ جناں ہوکر
یہ سر جائیں گے بہر نذرِ حاکم ارمغاں ہوکر
اٹھا کر ننھے ننھے ہاتھ سرگرمِ فغاں ہوکر
مؤذن کہتے ہیں تکبیر مصروفِ اذاں ہوکر
اگر تمکو بچا دیں قتل سے تعویذِ جاں ہوکر
وہ مجھ سے سمتِ قبلہ پوچھتا گوہر فشاں ہوکر
وہ اپنا قتل بھولے یادِ حق میں حمد خواں ہوکر
تر و تازہ ہوئے ذکرِ خدا سے تر زباں ہوکر
بسائے دشت و دریا گلرخوں نے گل فشاں ہوکر
درختوں پر طیور انگشتِ حیرت در دہاں ہوکر

کنارے پر ابھر کر آگئی تھیں مچھلیاں ساری
یہ محویت تھی گویا اس گھڑی معلوم ہوتا تھا
نمازیں ختم کیں جس دم اڑے طائر درختوں سے
دعا کو پھر اٹھائے چھوٹے چھوٹے ہاتھ دونوں نے
کہا یا رب تو ہے سب حاکموں کا حاکم اعلیٰ
دعائیں شہ گئیں امیدیں عمریں نامرادوں کی
بہائے نہر میں لاشے لے آیا سر غریبوں کے
لہو پانی ہوا دریا کا ایک ان دونوں کے غم میں
کہا حاکم نے تو بھی کسقدر بے درد ہے حارث!
ضیافت کے عوض آفت عداوت بدلے دعوت کے
رفیقوں میں عبید اللہ کے اک شخص نادر تھا
اتارو تیغ کے گھاٹ اس جگہ پر اس ستمگر کو
کیا اس نے اسی جا حارث کم ظرف کو بے سر
مگر آب رواں تھا پاک ور ناپاک وہ ناری
گرفتہ شامت اعمال حارث صورت نادر
لیا خود خالق عادل نے بدلا انکے قاتل سے
فنا فی اللہ ہو کر زندۂ جاوید ہو جانا
وفا اخلاص الفت جاں نثاری ہے سر بریدا
حیات خضر بھی کیا شے ہے انکی موت کے آگے
اجل کا خضر کو کھٹکا لگا ہے ہر تنفس پر
یہ قربانی ہے اسلامی یہ ہے تعلیم ربانی
سخاوت میں انہیں کی جلوۂ خلق محمدؐ ہے
تہتر کربلا والے ہیں مصداق ان کلاموں کے

خوش الحانی اثر دکھلاتی تھی سحر البیاں ہو کر
کرو یا غرق حیرت رہ گیا آئینہ ساں ہو کر
سحر نکلی گریباں چاک ہمرنگ کتاں ہو کر
گرے ریتی پہ آنسو دیدۂ تر سے رواں ہو کر
ہمارے باب میں انصاف فرما حکمراں ہو کر
مری یہ تیغ رواں نے قطع کیں فوّارہ رواں ہو کر
تری خاطر کیا سب میں نے رسوائے جہاں ہو کر
شفق پھولی فلک پر عکس خون عاشقاں ہو کر
بہت سا لیجو انعام اس دم شادماں ہو کر
ترے گھر آئے تھے بچے اجل کے میہماں ہو کر
یہ حکم نادری اسکو دیا کف در دہاں ہو کر
گئے جس گھاٹ پر بچے جہاں سے بے اماں ہو کر
اسی صورت گرا پانی میں لاشہ خوں چکاں ہو کر
اچھالا موج نے ہیں بر جبیں کف در دہاں ہو کر
یہی کہتے تھے کوفے میں ہم پیر و جواں ہو کر
گیا دوزخ میں ناشاد اور رسوائے جہاں ہو کر
شہیدوں نے سکھایا کشتۂ تیغ و سناں ہو کر
جہاں میں پھیلی انکا ذکر بھی نکلا جہاں ہو کر
بہار گلشن جنت سے نہ یہ گل خزاں ہو کر
اور انکو موت آئی ہے حیات جاوداں ہو کر
نشان بے نشاں بتلا گئے خود بے نشاں ہو کر
دیا دشمن کو راہ دوست میں سر شادماں ہو کر
تہتر فرقہ انکے مدح خواں ہیں یک زباں ہو کر

انہیں خاصانِ حق میں سے یہ پہلے تھے وہی خوبو — اسی ہمت سے کوہ غم اٹھائے ناتواں ہوکر
نہیں تشریح لیکن ہوتا ہے ظاہر قرینہ ہے — گئے مثلِ حسینؑ اس دہر سے تشنہ دہاں ہوکر
نہ شیرینی نہ شربت کے بھی قائل سے تھے کوسال — زبانِ حال سے کہتی ہے غیرت مدح خواں ہوکر
یہ سب غیرت حسینؑ ابن علیؑ کی تھی میتوں میں یا — شجاعت بھی تو ہی دنیا کو دکھلاتے جواں ہوکر
مسلمانوں انہیں کی پیروی تم سب کو لازم ہے — درست اخلاق اپنے کرو مقبول جہاں ہوکر
نمازوں پر تمسخر اور پھر دعویٰ دینداری — نہ کیوں اسلام رہ جائے حقیر و ناتواں ہوکر
سلام اسکو کہیگا کون ثابت مرثیہ یہ ہے — خدا چاہے تو رہ جائے گا مقبول جہاں ہوکر

قصیدہ ولادت جناب امیرؑ

ہر باغ ہے پھولا پھلا ہر باغباں ہے شادماں — مستانہ چلتی ہیں ہوائیں جھومتی ہیں ڈالیاں
آئی رجب کی تیرہویں وہ آئے ان دنوں میں — کر مدح رب العالمیں جس نے ہے دکھلا آسماں
گلشن میں پھل ہیں پھل ہیں پھولوں میں کھلی ہیں نکہتیں بو — قدرت خدا کی چار سو ہے آشکارا و نہاں
نسرین یاسمن نرگس حنا گلنار سوسن نیلوفر — سب نے اپنے رنگ میں ڈوبے ہیں مثل زعفراں
کلیاں بھی کھلکر ہنستی ہیں نکہت سے گلیاں بستی ہیں یا — خوشبوئیں کیسی بستی ہیں ہر گاہ ہے عنبر فشاں
پھولوں میں جتنے رنگ ہیں سب طائروں میں دیکھ لو — خوشبو گلوں میں ہے اگر انکی ہیں گلشن لیلیاں
بگلے کہ وہ شفاف ہیں جن پر پھسلتی ہے نظر — ہیں چاندنی کے پھول سے بڑھ کر مصفا خوشنما
طاؤس بلبل فاختہ سرخاب ہر اک کو کھلا — سب نے اپنے رنگ کی پہنے ہوئے ہیں وردیاں
بادل برابر چھائے ہیں رنگ سماں بھی لائے ہیں یا — ہے برف باری کا سماں رہ رہ کے اٹھتا ہے دھواں
شکلیں یہ رنگا رنگ ہیں فوٹو گرافر دنگ ہیں — اب عکس لینے کے لئے نکلے فلک پر کہکشاں
کروبیان عرش ہیں حیرت سے یہ ہی گفتگو — چمکا ستارہ خاک کا پھولا پھلا باغ جہاں

مطلع دوم

گذرے ہیں پورے تیس سال وہ شب نہ دیکھا تھا سماں — جس رات میں پیدا ہوئے تھے تاجدار مرسلاں
کعبے پہ ہے چھایا ہوا نور خدا نام خدا — موبانِ زریں میں نہاں فاران کی تھیں چوٹیاں
کیوں فرش سے ہیں عرش تک سامان ورود علیؑ کے — تعمیر ابراہیم پر کیوں آج حق ہے مہرباں

ما مِن لطیفٌ لم یزل اللطفُ بنا فیما نزل
اَنتَ القویّ نجّنا عن شرّ انباء الزّماں

دل مومنوں کے شاد رکھ سب خانداں آباد رکھ
اس بانیِ محفل کو دے ہر آفت و شر سے اماں

قصیدہ در تہنیت عید غدیر

کہاں ہے ساقیِ گلفام ساقیوں کے امیر
جگر کے زخم کے بھرنے کی جلد کر تدبیر

ہوائے سرد سے دل سرد ہو گیا ساقی
پلا شراب برستا ہے دیکھ ابر مطیر

یہ صحن باغ یہ عید غدیر یہ برسات
ہر ایک تختۂ گل ہے نظر میں خلد نظیر

وہ دے شراب کہ جس سے سوا ہو عقل و شعور
وہ دے شراب جو مشہور ہے شراب غدیر

پلا شراب۔ پلا۔ قرض وام ہے ساقی
ادا کرے گا کہ آقا ہے میرا کل کا امیر

بتا دوں نام بھی آقا کا اپنے کیا تجھ کو
علیؑ جہاں کا خبرگیر اور خیبر گیر

وہی علیؑ کہ جو سو کر نبیؐ کے بستر پر
ہوا بحکم خدا جانشین و خویش و وزیر

علیؑ امام من است و منم غلام علیؑ
ہزار جان گرامی فدائے نام امیرؑ

وہی علیؑ کہ جو ہوا آج جانشین رسولؐ
کہ یادگار ہے جس کا یہ جشن عید غدیر

سُنا دوں قصۂ خم خانۂ غدیر خم
دکھا دوں احمدؐ و حیدرؑ کی ایک جا تصویر

پڑھوں وہ مطلع انور کہ دل منور ہو
وہ قلب جس میں کہ ہے الفت جناب امیرؑ

مطلع

لبالب آب مصفا سے اسطرح ہے غدیر
کہ جیسے نور سے معمور آفتاب منیر

سہم جو اُٹھتی ہیں موجیں تو یہ اشارہ ہے
کہ آج دل سے ملو ہے یہ روز عید غدیر

گھنے گھنے وہ ببول اور زرد زرد وہ پھول
کہ جس کے سایہ میں ہو شاد بیٹھ کر رہگیر

کہیں پہاڑ کہیں غار اور گرد عیاں
زمیں۔ جہاں کے نشیب و فراز کی تصویر

بنا بحکم پیمبر کجاووں کا منبر
اور اس کے گرد ہوا مجمع صغیر و کبیر

مدینہ و یمن و مصر و شام کے وہ لوگ
جدا ہر ایک کا ملبوس و لہجہ و تقریر

کسی کو فکر معاش اور کسی کو خوف معاد
کسی کو دولت دنیا کی حرص دامنگیر

کوئی یہ کہتا ہے یہ لو یہ دوپہر یہ دھوپ
کھنچے ہیں آج کہاں آ کے صورت نخچیر

کوئی مطیع الٰہی ہے خرم و شاداں
طلوع مہر سے یہ ہے مراد مومن کی
وہ لوگ جمع تھے سب ایک لاکھ بیس ہزار
خدا کی حمد و ستائش سے جب ہوئے فارغ
سفر قریب ہے اس عالم فنا سے مرا
میں چھوڑے جاتا ہوں تم میں بحکم حق ثقلین
تمسک ان سے جو رکھا نہ ہوگے تم گمراہ
ملینگے آکے یہ مجھ سے کنارِ کوثر پر
تمہارے نفسوں سے اولیٰ نہیں میں کیا بولو
ہوا تھا جبکہ الستُ بربکم کا سوال
خدا کی طرح پیمبرؐ نے بھی لیا اقرار
اوٹھایا ہاتھ جو بغلوں میں یکے حیدرؑ کو
کیا بلند یہاں تک علیؑ کو آقا نے
کہا بغور انہیں دیکھ لو علیؑ ہیں علیؑ
علیؑ بھی اس کا ہے مولا میں جسکا مولا ہوں
علیؑ کا ہو جو عدو اس سے تو عداوت رکھ
مدد کر اس کی علیؑ کی مدد کرے جو شخص
دعا کا وقت ہے حضار بھی کہیں آمین
عبث ہی معنیٔ مولا میں ناصحا حجت
مناسبت ہے پیمبرؐ کو جو کہ امت سے
من آنچہ شرط بلاغ است با تو میگویم
عنانِ اشہب خامہ کو روک اے ثابت

کہ اب طلوع ہوا چاہتا ہے مہر منیر
کہ عنقریب سنیں گے رسولؐ کی تقریر
گئے کجاوؤں کے منبر پہ جب بشیر و نذیرؐ
تو یوں سبھوں سے مخاطب ہوئے رسولؐ قدیر
یہ حج تھا آخری حج میرا اے گروہ کثیر
وہ ایک مصحف حق ایک عترت تطہیرؑ
بہم رہیں گے ہمیشہ یہ تا بروز عسیر
یہ کہہ کے آپ نے فرمائی اسطرح تقریر
بلےٰ سبھوں نے کہا بے تامل و تاخیر
بلیٰ خدا سے بھی کہہ آیا تھا یہ جمّ غفیر
مگر یہ سہرِ خلافت بلا کی تھی تقریر
عیاں ہوئی بغلِ پاکؐ صاف کی تنویر
کہ زیب و زینتِ منبر ہوئے جنابِ امیرؑ
انہیں کے باب میں آیا ہے آج حکمِ قدیر
علیؑ کے دوست کو رکھ دوست اے علیم و خبیر
مخجل کر اسکو علیؑ کو چھوڑ دے جو بے پیر
دعا یہ مانگ کے منبر سے اوترے شاہؐ وزیر
اور اس کے ساتھ ہی صلِّ علیٰ مع تکبیر
رسولؐ پاک کی تو صاف صاف ہے تقریر
وہی علیؑ کو بعینہ ہے نسبت اے تحریر
تو خواہ از سخنم پند خواہ رنج بگیر
کہ دشمنانِ علیؑ ہو چکے ذلیل و حقیر

مصنفہ ۱۴ ذی الحجہ سنہ ۱۳۳۴ ہجری مطابق ۱۳ اگست سنہ ۱۹۱۶ء

قصیدہ بمدح مزار اقدس حضرت شہید ثالث

کیا مزار فائز الانوار کیا درگاہ ہے
دیکھکر قبریں ہمیں یاد آ گیا دار السلام
حضرت موسیٰ کہاں جاتے ہو کوہ طور پر
کھینچتا ہے اسکی طرف کچھ خود بخود مشتاق دل
کربلا کے جانیوالے پہلے آ جا اس جگہ
اس جگہ پہنچا جو مومن جوش ایمان رہ گیا
دل سے کی جس نے دعا دل کی مرادیں مل گئیں
کربلا جانا نہیں ممکن تو آ جا اس جگہ
اوس زیارت کا بدل ہوگی یہاں کی حاضری
اس عقیدے پر اماموں کی حدیثیں ہیں گواہ
آگرہ دیکھو کہاں ہے اور کس جا شوشتر
بہر تلقین و ہدایت آئے اتنی دور سے
رہنمائی کا عوض دنیا میں کیا ہے رہزنی؟
بڑھ گئی ہیں منزلوں تک لین ڈوری ظلم کی
یاد آتے ہیں بہت اہل و عیال و ہموطن
کہتے ہیں میرے لئے ہند جگر خوارہ ہے ہند
ایک دن حضرت کی پیشین گوئی پوری ہو گئی
چند روزہ کی حکومت عدل و انصاف سے
دودھ کا دودھ اور پانی کا کیا پانی سدا
یہ حکومت چار دن کی چاندنی ہے واقعی
خود نہ رشوت لی اور نہ لینے دی کسی ماتحت کو

خاک مرقد نور ہے یہ قبر نور اللہ ہے
کیا مکاں ہے کیا فضا ہے کیا وقار و جاہ ہے
آؤ دیکھو نور حق کی یہ تجلّی گاہ ہے
کہربا خاک لحد ہے دل ہمارا کاہ ہے
سورۂ الحمد وہ ہے اور یہ بسم اللہ ہے
قبر کا تعویذ گویا نقش حسبۃً للہ ہے
کعبۂ مقصود یہ درگاہ عالی جاہ ہے
بخشنے والا ثواب و اجر کا اللہ ہے
یہ عقیدہ اوس کا ہے جو مرد حق آگاہ ہے
جسکے رہبر صادق و کاظم ہیں یہ وہ راہ ہے
کالے کوسوں دور اس ظلمت کدہ کی راہ ہے
وائے غربت کوئی بھی اپنا نہیں ہمراہ ہے
خون کا سید کے پیاسا فرقۂ گمراہ ہے
عہد اکبر ہو چکا اب دور غافل شاہ ہے
شکوۂ ہندوستاں میں لب پہ اکثر آہ ہے
کھائے گی آخر کلیجا میرا دل آگاہ ہے
جسکو دنیا کہتے ہیں دراصل عبرت گاہ ہے
وہ دیانت کی رعیت جس سے کل آگاہ ہے
ارث حسید ریائی کسا تو قر و عز و جاہ ہے
پھر اندھیری رات ہوگی دنیا بھی ظلمت گاہ ہے
عدل اس کا نام ہے ایمان کی یہ راہ ہے

خون کے پیاسے اسی باعث سے تھے اکثر پلید
بس یہی وجہ شہادت آپ کی واللہ ہے

گو نہیں معصوم لیکن پاک طینت ہے ضرور
ساتھ ہے اللہ جس کے یہ وہ نور اللہ ہے

بھوکے پیاسے کربلا والے تو افضل ہیں ہی ہیں
اور باقی سب شہیدوں کا یہ شاہنشاہ ہے

شبرؑ و شبیرؑ دل زاہر کے ہیں یاروں کا دل
قلب مومن میں ولا ہے دل سے دل کو راہ ہے

لاکھ کافر دل سے کارہ ہوں ہمیں کیا وہ انہیں
بجھ نہیں سکتا بجھانے سے یہ نور اللہ ہے

دیکھ غافل انقلاب دہر چشم غور سے
اب جہانگیر ان کا قاتل ہے نہ اوس کا جاہ ہے

ریت کے ذرے چمکتے ہیں تو ہوتا ہے خیال
خاک میں سب ملگیا وہ خیمہ و خرگاہ ہے

دیکھ تو مظلوم سید نائب حجت کی قبر
مہبط رحمت سراپا نور کی درگاہ ہے

پست باطل ہوتا ہے انجام میں حق سربلند
حق علیؑ کے ساتھ ہے حق کے علیؑ ہمراہ ہے

غم نہیں کرتا جہانگیر ستمگر کا کوئی
ان کے مرنے کا جہاں کو صدمہ جانکاہ ہے

شمع بزم دیں کو جاہل نے بجھایا آہ آہ
شمع کیسی شمع جو دراصل نور اللہ ہے

کیوں فلک اس پھول سے تن پر ہو درہ خاردار
بے وفا کچھ تو بتا یہ کیسی رسم و راہ ہے

اب میں سمجھا تھے جو نسل سید سجادؑ سے
ارث انکی ورثے کھانا فی سبیل اللہ ہے

تین دن تک لاش بے کفن و دفن رہی
غالباً یہ ورثہ شبیرؑ عالی جاہ ہے

غیر مانیں یا نہ مانیں مانتے ہیں اہل حق
خون سید خون فرزند رسول اللہ ہے

ان کو صدیقہ نے فرمایا ہے اپنا لخت دل
قابل عزت کہ جو پہلو میں دل آگاہ ہے

اللہ اللہ کیا تبحر ہے عیاں تصنیف سے
جس سمندر کا کنارہ ہے نہ جسکی تھاہ ہے

لکھ کے تردید نواصب کر دیا احقاق حق
ایک عالم پر یہ روشن مثل مہر و ماہ ہے

اہل باطن کو مجالس لکھ کے زندہ کر گئے
جو ہیں ظاہر بیں یہاں ان کی نظر کوتاہ ہے

اک ہزار و انیس ۱۰۱۹ سنہ ہجرت کے ہیں سال وفات
آگرہ مشہد ہے اور ششتر ولادت گاہ ہے

قاضی حق سے ہوا سال شہادت آشکار
مختصر یہ نظم ثابت حسبۃً للہ ہے

۹۱۱+۱۰۸=۱۰۱۹ سنہ ہجری
ان کے صدقے میں خدا نے کی دعا میری قبول
کیا توسل کیا تصرف کیا حشم کیا جاہ ہے

لکھنؤ کو ٹے سے جاتا ہی لوا آتا ہے یہاں
اس سے یہ ثابت ہی ثابت نسبۃ درگاہ ہے

تضمین غزل حسان الہند محمود اختر نواب محمد رضوان علی صاحب رضوان مرادآبادی مرحوم - کہ کتابے از مخمسات شعرا مرتب کردہ حصن ظفر ۱۳۲۹ھ نامش فرمودہ ارادہ طبعش داشتند معلوم نیست کہ کتاب مذکور بقالب طبع درآمد یا نہ - ایں قصیدہ بخدمت شان فرستادہ بودم

مخمس نعتیہ

زقید غم بکس آزاد یا رسول اللہ ... تو ئی جواد تو ئی راد یا رسول اللہ
نہ ہست زاد جلہ نے زاد سفر یا رسول اللہ ... دلم کند ز تو فریاد یا رسول اللہ
بستغیث بدہ داد یا رسول اللہ

کنم بکوے تو فریاد یا رسول اللہ ... دلم بلطف بکن شاد یا رسول اللہ
کہ سنگ بر سرم افتاد یا رسول اللہ ... عدو ست بر سر بیداد یا رسول اللہ
بیا بیا پے امداد یا رسول اللہ

مثال آئینہ حیرانم اے شہ خوشخو ... کہ باز نرد جفا باخت چرخ عربدہ جو
نہادہ ام بسر تشویش بر سر زانو ... بسوخت آتش ہجرت چنانکہ در پہلو
کباب دل شدہ فریاد یا رسول اللہ

نبات چند نشاط ست در نگاہم زہر ... بیاد مرقد والا ت جنگل ست ایں شہر
فرارم از ہمہ خویشاں چو آب نہر ز نہر ... بجست و جوئے تو آوارہ ام بگلشن دہر
برنگ نکہت بر باد یا رسول اللہ

زدست بر و خزاں رنگ بوستاں بشکست ... فتاد بر سر کشتی و بادباں بشکست
چہ تیر آہ کند کار چوں کماں بشکست ... دلم بہ پہلوئے من جور آسماں بشکست

بسنگ شیشہ ام افتاد یا رسول اللہ

زدست دوست نہ راحت نہ از عدو آرام
مدام بر سر بیداد چرخ نیلی فام
کجا روم چہ کنم یا کہ گویم ایں پیغام
نہ ہمچو من پسرے زاد مادر ایام

حزین و مضطر و ناشاد یا رسول اللہ

زوال بقائے من اعدا نہ آشنا خواہند
جفا کنند و زمظلوم خود وفا خواہند
اگر غلط نکنم از غرض ہوا خواہند
منم شکستہ پر و در قفس مرا خواہند

چہ باغباں و چہ صیاد یا رسول اللہ

دلم بآتش ہجرت کہ دانۂ اسپند
زدود آہ بگردوں دوں رساند کمند
جہاں بگشتم و دیدم ہزار پست و بلند
بشوق گلشن کوئی تو نالہ کش تا چند

دلم چو بلبل ناشاد یا رسول اللہ

بیاد روضۂ رشک بہشت و مطلع نور
نہ ذوق میوۂ جنت نہ شوق وصلت حور
تریب از دلم واز نظر لطا بر دور
مرا کہ بلبلم از گلشن حرم مہجور

زدام غم بکن آزاد یا رسول اللہ

خوشا رواق و زہے صحن و حبذا تربت
نسیم است بباب السلام ہم برکت
ہزار جان من و بلکہ جملۂ امت
فدائے نقش و نگار ضریح درگاہت

بہار گلشن ایجاد یا رسول اللہ

بغیر مہر تو قرب قلب دل گیراں
زدست روسیہ صحراست گلشن ایراں
کنوں حدیقۂ نو رست گلخن نیراں
نمود خانۂ دل ہجر تو چناں ویراں

ہنوز گشت نہ آباد یا رسول اللہ

سلام بر شہدا و تمام احبابت
صلوٰۃ بر ہمہ اجداد و جملہ اعقابت
رسد ز روز حق بہر مادر و بابت
بذات اقدس و بر نیک آل و اصحابت

مدام رحمت حق باد یا رسول اللہ

اگرچہ ہست بمدح تو ہمسر حساں
مگر بہ سر سپرسد کسے ۔ بجز حرماں

مثال ثابت معصوم وزشت وہیچمداں	بہ ہند خانہ بہ وتش ہست کو بکو رضواں
بکوئی خویش بکن یاد یا رسول اللہ

مخمس غزل آتش

بولا عمر سے حرؓ یہ ہے کارخانہ کیا	رکھے گا بند شاہ پہ تو آب و دانہ کیا
سمجھا ہے اپنی عمر حیات زمانہ کیا؟	سن تو بھی جہاں میں ہے تیرا فسانہ کیا
کہتی ہے تجھکو خلق خدا غائبانہ کیا

اوس نے دیا جواب کہ شبیرؓ ہیں مدہال	اون کا دیا جو ساتھ تو پچتائے گا کمال
حرؓ نے کہا کہ بکتا ہے کیا او زبون خصال	طبل و علم ہے پاس ہمارے نہ ملک و مال
ہمسے خلاف ہوکے کریگا زمانہ کیا؟

دولت وبال ہوتی آخر کو تیا تلف	ڈھو کر کہیں لگاتے ہیں پارس کو ذی شرف
لٹتے ہی دیکھا ہے تو منعم کو ہر طرف	زیر زمیں سے آتا ہے جو گل سو زر بکف
تاروں نے راستے میں لٹایا خزانہ کیا

نو جیب ہیں سد راہ تو کیا خوف اضطرار	جنت ہے بزم بادشہ آسماں وقار
جاتا ہوں اب ہیں مع فرزند گلعذار	اوڑتے ہیں شوق راحت منزل سے راہوار
مہمیز کسکو کہتے ہیں اور تازیانہ کیا

دل کہہ رہا ہے شاہ کے قدموں پہ جان دوں	مرنے ہی کی ٹھہر گئی اب تو جو ہو سو ہو
وہ کیا ڈرے اجل کا ہو امیدوار جو	آتی ہے کس طرح سے مری قبض روح کو
دیکھوں تو موت ڈھونڈھ رہی ہے بہانہ کیا

اس لشکر کثیر سے کیا مجھکو بیم و باک	ہوں طالب عروج شہادت میں دردناک
معراج ہے رفاقت سبط رسول پاک	زینہ صبا کا ڈھونڈھتی ہے اپنی مشت خاک
بام بلند شاہ کا ہے آستانہ کیا؟

بولا عمر سے شمر شقی آتے ہی قریب	میں سن چکا ہوں رات سے حال اسکا ہے عجیب

پھندے میں اپنے اب یہ آئے گا بالنصیب   صیاد۔ اسیر دام رگ گل ہے عندلیب
دکھلا رہا ہے چھپ کے اسے آب و دانہ کیا

للکارا حر کہ بھر نہ دم سرد مدعی   واقف ہوں میں تو مکر میں ہے فرد مدعی
دشمن ہے میرا تو۔ نہیں ہمدرد مدعی   ہوتا ہے زرد سن کے جو نامرد مدعی
رستم کی داستان ہے ہمارا فسانہ کیا

شیروں سے آنکھیں چار تو کر او دغا شعار   پہنے ہوں دل زرہ پہ نہ ڈر ہے نہ اضطرار
کیا دیکھتا ہے مجھکو کنکھیوں سے بار بار   ترچھی نظر سے طائر دل ہو چکا شکار
جب تیر کج پڑیگا اڑیگا نشانہ کیا

پیاسے تڑپ رہے ہیں پیمبر کے مہ جبیں   تم کیسے کلمہ گو ہو کہ مطلق اثر نہیں
صدمہ ہے لو نکلی روح کو جنکو ہے درد دیں   بیتاب ہے کمال ہمارا دل حزیں
مہماں سرائے جسم کا ہو گا روانہ کیا

ہو کر شہید پاؤنگا ہر فکر سے فراغ   تازہ ہے اس خیال سے اس دم دل و دماغ
رضواں وہ ہے وہ خلد وہ تسنیم کا ایاغ   صیاد گلعذار دکھاتا ہے سیر باغ
بلبل قفس میں یاد کرے آب و دانہ کیا

آئینہ ہو کہ آب ہو یا مردم نظر   بیدار ہو کہ خواب کے عالم میں ہو بشر
مرقد ہو یا کہ حشر کا میدان پر خطر   چاروں طرف سے صورت حیدر ہو جلوہ گر
دل صاف ہو ترا تو ہے آئینہ خانہ کیا

عابد کا صبر کہتا تھا اے دل نہ ہو ملول   پیش نظر ہے کوثر و جنت کا عرض و طول
تلووں میں خار دشت بھی فردوس کے ہیں پھول   جو رنج راہ دوست میں ہوں کیجئے قبول
زنجیر کیا ہے طوق ہے کیا تازیانہ کیا

عشق نبی و آل نبی کے معاملے   ہیں جا بجا کلام میں تیرے چھپے ہوئے
ثابت ادا شناس یہ کہتا ہے اس لئے   یوں مدعی حسد سے نہ دے داد تو نہ دے
آتش غزل یہ تو نے کہی عاشقانہ کیا

تاریخی نام نعت رسول ممتاز

جب کہ پیدا ہوا وہ مرجع حاجت طلبی
دست بوسی سے مشرف ہوا ہر ایک نبی
بولی یوں روح خلیل اے قرشی مطلبی
مرحبا سید مکی مدنی العربی

دل و جاں باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

رخ انور کی صفائی کا عجب ہے عالم
جس پہ قربان دل و جاں سے ہو سارا عالم
دم مجو د آئینہ ہو سامنے گر جس دم
من بیدل بجمال تو عجب حیرانم

اللہ اللہ چہ جمال است بدیں بوالعجبی

خوش نما خلعت لولاک خدا نے بخشا
تو نہ ہوتا تو نہ کچھ ہوتا بجز ذات خدا
باعث خلقت عالم ہے تو اے صل علیٰ
نسبتے نیست بذات تو بنی آدم را

برتر از آدم و عالم تو چہ عالی نسبی

خاتمہ تجھ پہ فصاحت کا ہے یا خیر انام
پھول جھڑنے لگے جس وقت کیا منہ سے کلام
کیا اثر پھیلا ہے شیریں سخنی کا یہ تمام
نخل بستان مدینہ ز تو سر سبز مدام

زاں شدہ شہرۂ آفاق بشیریں رطبی

حق نے آدم سے بھی پہلے کیا پیدا ترا نور
نام نامی صحف سابقہ میں ہے مسطور
تیرے اوصاف سے معمور ہیں توریت و زبور
ذات پاک تو کہ در ملک عرب کردہ ظہور

زاں سبب آمدہ قرآن بزبان عربی

حبذا صل علیٰ قرب رسول لولاک
مرتبہ تیرا بیاں کس سے ہوا اے سید پاک
تھا نہ موسیٰ سے بھی اللہ کا اس درجہ تپاک
شب معراج عروج تو گزشت از افلاک

بمقامیکہ رسیدی نہ رسد ہیچ نبی

نور حق سے تری خلقت ہے یہ ہے اوس کا اثر
نظر مہر ہو جگنو پہ تو ہو رشک قمر
عرض کرتا ہے یہ ثابت بھی کہ یا خیر بشر
چشم رحمت بکشائے سوئے من انداز نظر

اے قریشی لقب و ہاشمی و مطلبی

حشر میں سب سے گنہگار کہیں گے یا شاہ حدت مہر جہانتاب سے عاصی ہیں تباہ
حصر ممکن نہیں اس درجہ کئے ہم نے گناہ عاصیانیم زما خوبی اعمال مخواہ
سوئے ما روئے شفاعت بکن از بے سببی

کیا کہوں روضۂ پرنور کا اوج و اعزاز زائروں کو نظر آتے ہیں سراسر اعجاز
بعد مردن بھی در فیض و سخاوت ہے باز بر در فیض تو استادہ بصد عجز و نیاز
زنگی و رومی و ہندی یمنی و حلبی

بار فردوس میں جب پائیں گے سب تنگ صفات لب کوثر پہ کھڑے ہونگے شہ عالی ذات
انبیا ہاتوں کو پھیلا کے کہیں گے یہ بات ما ہمہ تشنہ لبانیم و توئی آب حیات
لطف فرما کے ز حد میگزرد تشنہ لبی

سگ دنیا ہے مرا نفس شقی و اظلم سگ رہتے میں آ ہوئے حرم سے نہیں کم
پھر یہ ناپاک کہاں اور کہاں آہوئے حرم نسبت خود بسگت کردم و بس منفعلم
زانکہ نسبت بسگ کوئے تو شد بے ادبی

ساری دنیا کے زبردست ہیں تجھ سے مغلوب تیرا مداح ہے ثابت تو خدا کا محبوب
جو کہ قدسی کا ہے مقصد وہی اسکا مطلوب یا طبیب الفقرا انت شفاءُ القلوب
آمدہ پیش تو قدسی پئے درماں طلبی

نام تاریخی مخمس ہذا معراج نظم

شب معراج گئے خلد کے در پر جو نبیؐ بڑھ کے رضواں نے کہا اے شہ والا نسبی
حبذا عاشق رب طالب حق مطلبی مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

پہنچے فردوس میں حضرت تو عجب تھا عالم خیر مقدم کی صدا دیتی تھیں حوریں باہم
ہر کوئی کہتی تھی اے مہر منیر عالم من بیدل بجمال تو عجب حیرانم
اللہ اللہ چہ جمال ست بدیں بوالعجبی

تیری عزت ہی بڑی پیش خدا اے مولا — واسطہ دے کے ترا کی جو ہیں آدم نے دعا
ترک اولیٰ کو اوسی وقت خدا نے بخشا — نسبتے نیست بذات تو بنی آدم را

برتر از آدم و عالم تو چہ عالی نسبی

شاہد عدل ہے لولاک کہ یا خیر انام — ذات اقدس سے ہے اس گلشن عالم کا قیام
بار بار آتا ہے بلبل کی زباں پر یہ کلام — نخل بستان مدینہ ز تو سرسبز مدام

زاں شدہ شہرۂ آفاق بشیریں رطبی

ہر زباں پہ تجھے اللہ نے بخشا تھا عبور — عربوں کو تھا مگر اپنی فصاحت پہ غرور
اون کو زک دینا ہوا رب علا کو منظور — ذات پاک تو دریں ملک عرب کرد ظہور

زاں سبب آمدہ قرآں بزبان عربی

نظر مہر جو کی تو نے بوقت گل گشت — بھر دیا سونے سے خورشید جہاں گرد کا طشت
عقل طے کر نہ سکے کیونکر رفتنے وہ دشت — شب معراج عروج تو ز افلاک گزشت

بمقامیکہ رسیدی نرسد ہیچ نبی

سب اسریٰ ہوا جب چرخ چہارم پہ گزر — استرنی مہر کی عیسیٰ نے دکھائی او ٹھکر
عرض کی اے شہ کونین و حبیب داور — چشم رحمت بکشا سوئے من انداز نظر

اے قریشی لقب و ہاشمی و مطلبی

چشمۂ فیض و کرم ہے شہ ابرار کی ذات — ملتجی آپ سے اس واسطے ہیں نیک صفات
خضر و الیاس و مسیحا کی صدا ہے دن رات — ماہمہ تشنہ لبانیم و توئی آب حیات

لطف فرما کہ ز حد میگزرد تشنہ لبی

سگ دنیا ہیں پرورش افضلیت مومن کی ہم — اور سگ نفس سے بکار و شریر و اظلم
رات دن ہے یہی تشویش یہی رنج و الم — نسبت خود بسگت کردم و بس منفعلم

زانکہ نسبت بسگ کوئی تو شد بے ادبی

زاہدوں کو تو مکاں خلد میں بخشیگا الہ — ہم گنہگاروں کا حال ہے دہشت سے تباہ
چشم رحمت سے ادھر بھی کوئے رہے ہو جانگاہ — عاصیانیم ز ما خوبی اعمال مخواہ

سوئے مار وُئے شفاعت بکن از بے سببی

اللہ اللہ ہے عجب روضۂ شہ کا اعزاز　　دراقدس ہے فرشتوں کے لئے جائے نماز
کچھ فرشتوں ہی پہ موقوف نہیں بندہ نواز　　بر در فیض تو استادہ بصد عجز و نیاز
زنگی و ہندی و طوسی و یمنی و حلبی

ایک ہی قدسی و ثابت کا ہے شاہا مطلوب　　مرض الموت سے بدتر ہیں مرے ذنوب
ان عوارض کو کریں دفع عطا ہو وہ حبوب　　یا طبیب الفقرا انت شفاء القلوب
آمدہ پیش تو قدسی پے درمان طلبی

نام تاریخی مخمس بہ اسراج غم حال امام حسینؓ

جب کہ خیمے سے برآمد ہوا فرزند نبیؐ　　رفقا ہو گئے حاضر پئے رخصت طلبی
ہر کوئی کہتا تھا اے طالب رب مطلبی　　مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل و جاں باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

عرض کرتے تھے حبیبؓ ابن مظاہر پر دم　　جسم ہے سارا جھلسا اور لو دے عالم
پھرتے ہیں آنکھوں میں اس وقت نبیؐ اکرم　　من بیدل بجمال تو عجب حیرانم
اللہ اللہ چہ جمال ست بدیں بو العجبی

حرؓ جو آیا سوئے شہ باندھے مرنے پہ کمر　　بھائی ایک ساتھ تھا اور ایک غلام ایک پسر
نیچی آنکھیں کیے کہتا تھا یہی سر ما کر　　چشم رحمت بکشا سوئے من انداز نظر
اے قریشی لقب و ہاشمی و مطلبی

حرؓ کے بھائی نے یہ کی عرض کہ اے شاہنشاہ　　ہم گنہگار معاصی میں ہوئے سخت تباہ
دیجیے بہر خدا آتش دوزخ سے پناہ　　عاصیانیم ز ما خوبی اعمال مخواہ
سوئے مار وُئے شفاعت بکن از بے سببی

حرؓ کا فرزند ہوا ملتمس اے شاہ ہدا　　آپ اس دار فنا میں ہیں در فیض خدا
التجا لیکے کہاں جائیں بھلا اس در کے سوا　　نسبتے نیست بذات تو بنی آدم را

برتر از آدم و عالم تو چہ عالی نسبی

عرض کی عہد وفادار نے بے وقت کرم | سگ در بنکے رہوں پاس میں یا شاہ امم
پھر یہ کہنے لگا کیا سخت خطا کی اس دم | نسبتِ خود بسگت کردم و بس منفعلم

زانکہ نسبت بسگ کوئی تو شد بے ادبی

آئے رخصت کو نبیؐ سے جو حسینؑ غمناک | عرض کی در پئے آزار ہیں ناحق سفاک
گو کہ اس بات کو بھی جانتے ہیں یہ ناپاک | شب معراج عروج تو گزشت از افلاک

بمقامیکہ رسیدی نہ رسد ہیچ نبیؐ

میرے بارے میں بہت کہہ چکے ہیں ان سے حضور | اس پہ بھی روضۂ اقدس سے مجھے کرتے ہیں دور
اور زباں سے بھی کہے جاتے ہیں یہ زرہ دور | ذات پاک تو دریں ملک عرب کرد ظہور

زاں سبب آمدہ قرآں بزبان عربی

رنگ بے رنگ زمانے کا ہے یا خیر بشر | اس لئے میں نے گوارا کیا یثرب سے سفر
منتظر حکم کا حضرت کے فقط ہے احقر | چشم رحمت بکشا سوئے من انداز نظر

اے قریشی لقب و ہاشمی و مطلبی

کہکے یہ قبر سے لپٹے جو امام عالم | شہ بیکس کو نظر آئے رسول اکرم
رو کے فرماتے تھے اے نور نظر اے پر غم | من بیدل بجمال تو عجب حیرانم

اللہ اللہ چہ جمال ست بدیع العجبی

میرے روضے کی فقط تو ہی بہار اے گلفام | روک سکتا نہیں لیکن کہ یہ امت کا ہے کام
کہکے یہ نانا سے رخصت ہوئے سلطان انام | نخل بستان مدینہ ز تو سر سبز مدام

زاں شدہ شہرۂ آفاق بشیریں رطبی

حق سے کہتے تھے شب قتل شہ نیک صفات | ہم غریبوں کی مددگار ہے بس تیری ذات
پیاس میں صبر دے بچوں کو جوانوں کو ثبات | ما ہمہ تشنہ لبانیم و توئی آب حیات

لطف فرما کہ ز حد میگزرد تشنہ لبی

کیا کہوں روضۂ شاہ شہدا کا اعجاز | شمع ساں ہے دل مومن کو وہاں سوز و گداز

زیرِ قبہ نظر آتے ہیں ہزاروں جاں باز
بر درِ فیض تو استادہ بصد عجز و نیاز
زنگی و طوسی و ہندی یمنی و حلبی

یا حسینؑ آپ ہیں محبوبِ خدا کے محبوب
کثرتِ علتِ عصیاں سے ہی ثابت مجوب
آپ کو کہتے ہیں سب فخرِ مسیحؑ و ایوبؑ
یا طبیب الفقرا انت شفاء القلوب
آمدہ پیش تو قدسی پئے درماں طلبی

تضمین رنگین

از جناب سید ناظم حسین صاحب ناظمؔ

بر سلام جناب میر افضل حسین صاحب ثابتؔ رضوی لکھنوی

تم جو دنیا میں پئے شاہِ شہیداں ہو گئیں
فضلِ حق سے آبرو پا کر دُرِ افشاں ہو گئیں
دیدۂ بد دور دیکھو کیسی ذی شاں ہو گئیں
اے سلامی جب غمِ سرور میں گریاں ہو گئیں
اشک موتی اور آنکھیں ابرِ نیساں ہو گئیں

زحمتیں بڑھ بڑھ کے بہرِ روح سوہاں ہو گئیں
باعثِ خفقاں ہوئیں اور وجہِ ہیجاں ہو گئیں
مر گیا جس وقت دل رحمت کا ساماں ہو گئیں
حسرتیں جب یاس سے دستِ و گریباں ہو گئیں
مشکلیں جتنی پڑی تھیں سب وہ آساں ہو گئیں

بی بیاں افسوس وہ بافرقِ عریاں ہو گئیں
چادرِ تطہیر کی جو خاص شایاں ہو گئیں
بعد قتلِ شاہِ دیں کیسی پریشاں ہو گئیں
بیٹیاں زہراؑ کی جب محبوسِ زنداں ہو گئیں
پنجتن کی روحیں آ آ کر نگہباں ہو گئیں

خالقِ عادل ہمیشہ عدل کو ہے چاہتا
ظالموں کا وہ ازل کے روز سے دشمن رہا
باغِ عالم میں نہ کیوں پھولیں پھلیں عادل سدا
عدل کا نوشیرواں کی آل کو یہ پھل ملا
بنتِ کسریٰ سیدِ سجادؑ کی ماں ہو گئیں

رات دن روتے ہیں مومن بہرِ ابنِ بوترابؑ
آہ تھا ہر چیز کو وقتِ شہادت پیچ و تاب

آج تک اس کا اثر دیکھیں جہاں میں شیخ و شاب　　ماتم شبیرؑ میں بادل بھی چشم پر آب

بجلیاں قلب فلک کو آہ سوزاں ہو گئیں

خانۂ زہراؑ کی بربادی کو ہم بھولے نہیں　　شرط الفت کی یہی ہے آفریں صد آفریں

کس طرح اس میں سیرت آ کے ہوئی جاگزیں　　ایک عالم پر رہا ویرانۂ قلب حزیں

بستیاں کتنی بسیں اور کتنی ویراں ہو گئیں

تھا فدائی جان و دل سے جو شہ دلگیر کا　　پھر حضرت ساتھ چھوڑا لشکر بے پیر کا

کیوں ستارہ اوج پر ہوتا نہ پھر تقدیر کا　　تیسرے فاقہ میں جب مہماں ہو شبیرؑ کا

نیکیاں سارے جہاں کی حرؑ کی مہماں ہو گئیں

صاحب حشمت تھے جو اور حکمراں شیخ و شاب　　اب وہ قبروں میں پڑے سوتے ہیں با حال خراب

دیکھئے تیرے دور میں گردوں عجب ہے انقلاب　　جنکی خاک پاک تھی عطر گل عرق عطر گلاب

کیوں فلک وہ صورتیں مٹی میں پنہاں ہو گئیں

گو لٹا ہر بار مردہ خانماں برباد ہیں　　خانۂ دل میں ہمارے پر ابھی آباد ہیں

ہجر میں ان اپنے ہم پیاروں کے ناشاد ہیں　　صورتیں آنکھوں میں پھرتی ہیں وہ نقشے یاد ہیں

کیسی کیسی صحبتیں خواب پریشاں ہو گئیں

ناامیدی اپنے حصہ میں ہی گویا آ گئی　　رحمت حق ہم سے پر لا تقنطو فرما گئی

سامنے عقبیٰ کے کیا ہمکو یہ دنیا بھا گئی　　سب امیدیں دل سے نکلیں یاس حسب دم چھا گئی

شیشہ خالی رہ گیا کافور پریاں ہو گئیں

پنجتن کی ہے فقط مدح و ثنا اس نظم میں　　رہتی ہے تائید حق شامل سدا اس نظم میں

بلبل دل پھر نہ کیوں پائے مزا اس نظم میں　　باغ تازہ جب مضامیں کا کھلا اس نظم میں

پھول لفظیں بن گئیں بیتیں خیاباں ہو گئیں

ہے مثل مشہور عالم ہر کمالے را زوال　　فصل گل ہو جاتی ہے جور خزاں سے پائمال

بلبلیں روتی ہیں گلشن میں یہی کر کے خیال　　ہر خوشی کا باغ عالم میں تباہی ہے مآل

کھل کھلا کر جب ہنسی کلیاں پریشاں ہو گئیں

پائیں گے وہ ساقئ کوثر سے پیہم آبِ خلد — ہیں انہیں کے واسطے موجود سب اسبابِ خلد
ہے یہی اپنا عقیدہ اور یقیں در بابِ خلد — دوستوں پر ان کے وا کیونکر نہ ہوگا بابِ خلد
الفتیں جن کی کلیدِ بابِ عرفاں ہو گئیں

زندگی کا اپنی بھی ہم کو نہیں کچھ اعتماد — کرتی ہے مجبور پر دنیا کی رسمِ اتحاد
سب بھلا دیتا ہے آخر اس جہاں کا استداد — دوستوں کی موت تو موت اب نہیں صورت بھی یاد
سیکڑوں تصویریں بے طاقِ نسیاں ہو گئیں

کیوں نہ سردارِ حسینانِ جہاں مصطفےٰ ہوں — بن گئے روزِ ازل ہی سے یہ محبوبِ خدا
آپ کے جسمِ اقدس کا یہ ادنیٰ وصف تھا — جس طرف نکلے نبیؐ خوشبو سے کوچہ بس گیا
ساری گلیاں شہر کی پھولوں کی کلیاں ہو گئیں

ہیں سراپا آپ ہمشکلِ حبیبِ کبریا — وہی صورت وہی سیرت وہی جملہ دست و پا
نور کی پانی ہے صورت واہ رے نسلِ علیؑ — حسنِ اکبر جس نے دیکھا محوِ حیرت رہ گیا
آئینہ تو آئینہ آنکھیں بھی حیراں ہو گئیں

حق کے یہ محبوب کے محبوب کا محبوب تھا — خوبصورت سب سے بڑھکر کیوں نہ ہو پھر بھلا
ہے یہی مصداق دیکھو اس ہمارے قول کا — حسنِ اکبر جس نے دیکھا محوِ حیرت ہو گیا
آئینہ تو آئینہ آنکھیں بھی حیراں ہو گئیں

واقعی تھا دلبرِ زہراؑ ہی کا یہ حوصلہ — ایسے بیٹے کو کیا حضرتؐ نے امت پر فدا
پہنچے میدانِ شہادت میں جو وہ بہرِ وغا — حسنِ اکبر جس نے دیکھا محوِ حیرت ہو گیا
آئینہ تو آئینہ آنکھیں بھی حیراں ہو گئیں

کاہیکو ہونگے اب دنیا میں ایسے حق شناس — بعدِ خالق کے یہی ذی رتبہ ہیں بس نیک اصل
با پایہ عز و شرف ہر امتحاں میں ہو کے پاس — قتل غارت۔ قید غربت زہر ضرب بھوک پیاس
سب بلائیں پنجتنؑ کے گھر میں مہماں ہو گئیں

خوض جب میں نے کیا جاتے رہے ہوش و حواس — پنجتنؑ کا حال لکھنے سے ہوا دل کو ہراس
کچھ مصائب نظم کرتا ہوں بطورِ اقتباس — قتل۔ غارت۔ قید۔ غربت زہر ضرب بھوک پیاس

سب بلائیں پنجتن کے گھر میں مہماں ہو گئیں

واقعی حق سا بھلا ہے کب کوئی بندہ نواز　　اس کی رحمت سے بشر ہوتے ہیں فوراً سرفراز
عاشق جانباز تھے کیونکر نہ کرتے حق پہ ناز　　صبر شہ کہتا تھا میں تجھ پر فدا اے چارہ ساز
درد دل کی لذتیں بڑھ بڑھ کے درماں ہو گئیں

کس قدر سفاک تھی آفاق میں فوج یزید　　آل احمد کی شہادت سے ہوئی تھی اوسکو عید
کیوں نہ ہو زیر و زبر اس غم سے فرقان حمید　　مصحف ناطق کے سیپارے ہوئے جب دم شہید
صورتیں سب پارہ پارہ ہو کے قرآں ہو گئیں

ہل گیا اس ظلم سے اظلم کے چرخ چنبری　　زلزلہ میں آ گئے طبقات خشکی و تری
گو کہ صابر تھے مگر اس دم تھی تن میں تھرتھری　　شہ نے آہ سرد کھینچی اور ناوک کی سری
دل امنڈ آیا تو آنکھیں ابر گریاں ہو گئیں

حوصلہ شبیر کا سا حق نے بخشا ہے کسے　　بڑھ کے صابر ہے کوئی دیکھو شہ ابرار سے
لب پہ کلمات شکایت کچھ نہ آئے آپ کے　　چوم کر حلقوم فرمایا خدا کا شکر ہے
آج ساری حسرتیں پوری مری جاں ہو گئیں

حامل بار شہادت تھے جو شاہ باتمیز　　خود نہ چاہی آپ نے فتح و ظفر بھی گو کنیز
حق کی خوشنودی سے بہتر وہ نہ سمجھے کوئی چیز　　دل سے مولا نے رہ خالق میں دی جان عزیز
آرزوئیں جرأت و ہمت پہ قرباں ہو گئیں

شمر اظلم سا نہیں کوئی شقی خانہ خراب　　موزے پہنے صدر قرآں پہ چڑھا وہ بے حجاب
ہے اشارہ ایک ہی کافی برائے پیچ و تاب　　ہائے پہنچا خاک تک کب جسم ابن بوتراب
یا جب سینہ سے سب تیروں کی سریاں ہو گئیں

شاکی امت نہ تھی ہمشیر شاہ دل ملول　　بہر خوشنودی حق اپنی اسیری کی قبول
حور سے دیکھو ہوا انکو عجب رتبہ حصول　　آسیہ حوا خدیجہ۔ آمنہ۔ سارا۔ بتول
صبر زینب دیکھ کر حیراں پریشاں ہو گئیں

آپ ہی کے نور سے ہر چیز دنیا میں بنی　　ان سے ہی پائی ہے خورشید نے بھی روشنی

گرد پڑنے سے نہ تھی چہروں کی ضو میں کچھ کمی — خانۂ زنداں میں جب داخل ہوئی آلِ نبیؐ
نور کی شمعیں اندھیرے میں درخشاں ہو گئیں

آہ و غم آلِ محمدؐ پر ہے غم کی انتہا — جس نے دیکھا آپ کو بیساختہ وہ رو دیا
اہلِ دل ہیں یہ تو سب لسان کا یاں ذکر کیا — جب پسینہ پائے عابدؑ پر بہا ثابت ہوا
چشم گریاں دونوں زنجیروں کی گریاں ہو گئیں

رات دن روتی تھی شہ کے ہجر میں وہ ہائے لے — مر گیا جب باپ تو بیٹی اوسے کیونکر بھلائے
در کو پکڑے خانۂ زنداں پہ بیٹھی سر جھکائے — ماں سے کہتی سکینہ بابا جاں اب تک نہ آئے
سب زمانہ کی جفائیں ہم پلہ ماں ہو گئیں

قلب کو ناظم کے تھا خوف مصائب کس قدر — اب فلاکت سے ہلاکت کا گماں تھا سر بسر
دستگیر دو جہاں ایسا ہو اور ایسا راہبر — دیکھ ثابت ہے یہ علیؑ کے اسم عالی کا اثر
مشکلیں پڑنے نہ پائی تھیں کہ آساں ہو گئیں

سلام

اے سلامی تو جو سوئے کربلا پھر جائے گا — گرد سر اوج سعادت کا ہما پھر جائے گا
میرا منہ تربت میں سوئے کربلا پھر جائے گا — ہو گا قبلہ جس طرف قبلہ نما پھر جائے گا
کس کو تھی امید چرخ کج ادا پھر جائے گا — حلق شہ پر خنجر جور و جفا پھر جائے گا
حر یہ کہتا تھا کہ اے آقا نہ تھا مجھکو یقیں — آپ سے یوں فرقۂ اہل جفا پھر جائے گا
جب نہ مسجد سے گیا محروم سائل یا علیؑ — تیرے در سے کسطرح خالی گدا پھر جائے گا
اے مریض درد عصیاں آ عزاخانہ میں آ — یاں علم کا پنجہ دست شفا پھر جائے گا
مومنوں کے قاتلوں کو جنتی کہتے ہیں جو — اُن سے پوچھو قول سے اپنے خدا پھر جائے گا
تنگدستی۔ تندرستی ہیں جہاں میں ساتھ ساتھ — پیٹ بھر جانے پہ سر سے آسیا پھر جائے گا
دست زائر کاٹ کر عباسیہ کہتے تھے یوں — کیوں زیارت کرنے سوئے کربلا پھر جائے گا
کہتی تھی فضہ نبیؐ زادوں کو گھیرے ہیں لعیں — آئے گا بہر مدد جو باوفا پھر جائے گا

بے خبر سکان خیبر تھے نہ آیا ذہن میں — کیا یونہیں بے فتح در۔ دست خدا پھر جائے گا
بدعتیں مٹ جائیں گی جب ہوگا قائم کا ظہور — ابر تر برسا تو خود روئے ہوا پھر جائے گا
رجعت مہر مبیں کہتی ہے تیرے زور سے — پنجۂ خورشید لے دست خدا پھر جائے گا
پھر رہا ہے تو جو خاصان خدا سے اے فلک — پائے گا تعزیر ایسی سر ترا پھر جائے گا
دیکھ لے گا چشم عبرت سے جو نیرنگ جہاں — نعمت دنیا سے دل اوس شخص کا پھر جائے گا
سرمۂ خاک شفا قلزم میں ہے زائر کے پاس — آ کے اولٹے پاؤں طوفان بلا پھر جائے گا
بھاگنے والوں کے ساتھی ہونگے کب ثابت قدم — پاٹ پھرنے سے نہ قطب آسیا پھر جائے گا
روبروئے گنبد پر نور آ کر آفتاب — بہر طوف مرقد موسیٰؑ رضا پھر جائے گا
حق علیؑ کے ساتھ پھرتا ہے تو پھر لازم ہوا — جو پھرے حیدر سے خود اوس سے خدا پھر جائے گا
دیکھکر روضہ رضا کا ہوگی دل میں روشنی — جب مری آنکھوں میں ایوان طلا پھر جائے گا
کہتی تھی لیلیٰ مجھے بلوے میں دیکھے گا اگر — شرم سے اکبر شبیہ مصطفیٰ پھر جائے گا
جب چھدی مشک سکینہؑ بولا سقائے حسینؑ — کیا خبر تھی یوں نصیبا پیاسوں کا پھر جائے گا
وقت رحلت رو کے عترت سے پیمبر کہتے تھے — اب زمانہ تم سے اے آل عبا پھر جائے گا
قفل زنداں بند جب ہوتا سکینہ کہتی تھی — آ کے میرا چاہنے والا چچا پھر جائے گا
صورت باقی بنا آجائے گا رونا یوہیں — کعبۂ اخلاص کو روکے ریا پھر جائے گا
مل چکا زاہد کو طاعات ریائی پر بہشت — مال کھوٹا روز بازار جزا پھر جائے گا
تیرے بیمار اور سے کارہ ہیں اے خاک شفا — پانی پانی ہوکے خود آب بقا پھر جائے گا
تجھ پہ مرنے والے مستغنی ہیں اے خاک شفا — کیمیا گر لیکے اپنی کیمیا پھر جائے گا
بیٹھ جا ثابت در حیدر پہ اس امید میں — سوئے حاجت خود رخ حاجت روا پھر جائے گا

تمام شد

دربارِ حسینؑ

اُردو زبان میں شعرائے ہند کے اکثر تذکرے لکھے گئے لیکن جس عام پسندی کا سہرا آبِ حیات مولفہٗ حضرت آزاد دہلوی کے سر رہا وہ کسی دوسرے کو نصیب نہ ہوا۔ چونکہ آبِ حیات میں صرف غزل گو حضرات کے حالات ہیں اس لیے دل میں رہ رہکر یہ خیال آتا تھا کہ خال و رخ کی تعریف کرنے والوں کے حالات جمع کرنے میں ایک قدردانِ اُردو کی طرف سے یہ کدوکاوش لیکن مداحانِ آلِ محمدؐ کی زندگی کے واقعات اس قدر گہری تاریکی میں کہ روزِ روشن میں تلاش کرنے والوں کو کچھ پتہ نہ ملے۔ خدا کا ہزار ہزار شکر ہے کہ اس قابلِ ملامت کمزوری کو مولوی سید افضل حسین صاحب ثابت رضوی لکھنوی وکیل ریاست کوٹہ راجپوتانہ جیسے نباضِ زمانہ اور کاملِ اکمل شاعر نے اپنی دماغ سوزی سے حیاتِ تازہ کے قالب میں جلوہ گر کردیا اور مرثیہ گو حضرات کی لائف اس خوبی سے قلمبند کیگئی ہے کہ زبان ہر مقام پر اُسی روزمرہ کے چٹخارے لیتی ہے جو لذت کہ آبِ حیات کی جرعہ نوشی میں ہے۔

دربارِ حسینؑ کی یہ پہلی جلد ہے جو ہم نے اعلیٰ درجہ کی طباعت قابلِ تعریف کتابت اور بہترین کاغذ پر چھاپ کر شیعیانِ ہند کے سامنے پیش کی ہے ضخامت اس کتاب کی ۲۹۴ صفحہ اور قیمت اصل لاگت کے مطابق تین روپیہ رکھی ہے۔ دو سو صفحات تک مداحانِ اہلبیتؑ کی سوانح عمری ہے اور آخر میں ہر ایک مداح کا ایک ایک مرثیہ بطور نمونہ درج ہے چنانچہ حضرت اوج مرحوم کا وہ بےنظیر مرثیہ جس کا شباب نے حیدرؑ کا عقلی موجود ہے جو قلمی ہونے کی صورت میں ۱۰ روپیہ کو بھی صحیح لکھا ہوا دستیاب نہ ہوتا تھا اسمیں موجود ہے اسی طرح حضرت صفیر بلگرامی کا حدیث بساط والا وہ لائق صد مدح و ثنا مرثیہ جو پوشیدہ خزانوں میں مخفی تھا حضرت خلیل بلگرامی کی بدولت منظرِ عام میں آگیا۔ دیکھنا یہ ہے کہ قدردانِ والاشان ہمارا کہانتک دل بڑھاتے ہیں اگر یہ پہلی جلد ہاتھوں ہاتھ نکل گئی تو ہم انشاءاللہ محرم الحرام سے پہلے پہلے "دربارِ حسینؑ" کی دوسری جلد بھی شائع کردینگے۔

(مینیجر مطبع اثنا عشری دہلی)

جلاء العینین فی سیرۃ علی ابن الحسینؑ

(سید الساجدین امام زین العابدین علیہ السلام کی سوانح عمری)

جتنی قومیں اس وقت زندہ رہکر حقیقی عزت سے زندگی بسر کررہی ہیں اگر غور سے دیکھو گے تو انکی حیات کا راز سربستہ اس میں مخفی نظر آئے گا کہ اُنھوں نے اپنے بزرگوں کی یاد کو ہر وقت دلوں میں تازہ رکھا اور صرف زبانی دعوؤں کی بنا پر نہیں بلکہ سلف صالحین کے کارنامے اور سوانح عمریاں اُنھوں نے شائع کرکے دنیا کو شاہراہ حقیقی کی پگڈنڈی پر لگا دیا۔

کسقدر افسوس اور شرم کا مقام ہے کہ وہ فرقہ جو حقانیت کا مدعی اور معصومین کی تاسی کو اپنا شعار قرار دینے والا ظاہر کرتا ہو اُسکے جمود وغفلت پر غیر اقوام مضحکہ اڑاتی ہیں۔ کسقدر حیرت و استعجاب کا مقام ہے کہ جس مظلوم کی یادہ پائی اور وادی محبت میں کانٹوں پر چلکر تلوؤں کے فگار ہوجانے والے واقعات کو سُن سنکر آنکھوں سے اشک خونی بہائے جائیں اس بزرگوار کی تاریخ ولادت و وفات تک نہ معلوم ہو۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

ان واقعات حاضرہ پر نظر کرتے ہوئے ہم نے ہزاروں روپیہ صرف کرکے آئمہ علیہم السلام کی سوانح عمریاں زیور طبع سے آراستہ کرکے ملک اور قوم کی خدمت میں پیش کیں لیکن ان کی جلدیں کثیر تعداد میں طاق نسیاں کی نذر ہورہی ہیں اور قوم کی ناقدری کی یہ حالت ہے کہ طرحدار لونڈی کی خریداری کو باعث نجات اور جناب امام زین العابدین علیہ السلام کی سوانح عمری پڑھنے کو تضیع اوقات سمجھتے ہیں۔ بہرصورت ہم جناب مولانا مولوی سید مظہر حسن صاحب قبلہ مدظلہ العالی کی یہ جدید ترین تصنیف جو ہر حیثیت سے حضرت امام زین العابدینؑ سید الساجدینؑ کی مکمل سوانح عمری ہے محبانِ حسینؑ کی خدمت میں پیش کرتے ہیں اور یہ دیکھنے کے لئے چشم براہ ہیں کہ بازار مصطفےٰ میں کون خریدار مرضات الہٰی کا گرانبہا خلعت زیب جسم کرنے کے لئے آگے بڑھتا ہے۔ قیمت عہ

مینیجر مطبع اثنا عشری دہلی